بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

اِلَيْهِ يُرَدُّ 25

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور - پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

اِلَیۡہِ یُرَدُّ 25

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "**Book Developer**" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمدللہ۔ 2001ء سے تا حال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔ پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی ومفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا ان لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہو گئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تاکہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہو گی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبد الجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "یٰٓاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعد ازاں فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریق تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم رب کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمہ ٔصافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقہ ٔحیات، یارغارِ رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ" کی خدائی مہر تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہٗ اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تا کہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جا سکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلہ ٔاشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ خَیْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب ''مصباح القرآن'' جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات ومسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی

مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ''الجامعۃ الاسلامیہ'' سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ ''عرض مرتب'' میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، ''مفتاح القرآن'' اور ''مصباح القرآن'' دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
''مفتاح القرآن'' میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور ''مصباح القرآن'' میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کردے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾﴾ القمر 17

ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح ''مصباح القرآن'' دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ

حافظ صلاح الدین یوسف

مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کرکے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کردیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہوکر خود بخود یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بناکر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہوچکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوی نہیں کرسکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتادیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر ومغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور

اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

اِلَیۡهِ	یُرَدُّ [1][2]	عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ [3]	وَمَا [4]	تَخۡرُجُ [5]
اسی کی طرف	لوٹایا جاتا ہے	قیامت کا علم	اور نہیں	نکلتا (ہے)

مِنۡ ثَمَرٰتٍ [3]	مِّنۡ اَکۡمَامِهَا	وَ	مَا [4]	تَحۡمِلُ [5]
پھلوں سے	اپنے غلافوں سے	اور	نہیں	حاملہ ہوتی

مِنۡ اُنۡثٰی [6]	وَلَا	تَضَعُ [5]	اِلَّا	بِعِلۡمِهٖ ؕ
کوئی مادہ	اور نہ	(کوئی بچہ) جنتی ہے	مگر	اس کے علم سے

وَیَوۡمَ	یُنَادِیۡهِمۡ	اَیۡنَ	شُرَکَآءِیۡ ۙ	قَالُوۡۤا [7]
اور (جس) دن	وہ پکارے گا انہیں	کہاں (ہیں)	میرے شریک	وہ سب کہیں گے

اٰذَنّٰكَ ۙ	مَا [4]	مِنَّا [8]	مِنۡ شَهِیۡدٍ [6][9] ۚ (47)	وَ
ہم نے عرض کر دی ہے آپ سے	نہیں	ہم میں سے	کوئی گواہ	اور

ضَلَّ [7]	عَنۡهُمۡ	مَّا [4]	كَانُوۡا	یَدۡعُوۡنَ	مِنۡ قَبۡلُ [6]
گم ہو جائیں گے	ان سے	جنہیں	وہ سب تھے	وہ سب پکارتے	(اس سے) پہلے

وَ	ظَنُّوۡا [7][10]	مَا [4]	لَهُمۡ	مِّنۡ مَّحِیۡصٍ [6][9][11] (48)
اور	وہ سب سمجھ لیں گے (کہ)	نہیں (ہے)	ان کے لیے	کوئی بھاگنے کی جگہ

لَا یَسۡـَٔمُ	الۡاِنۡسَانُ [12]	مِنۡ دُعَآءِ الۡخَیۡرِ ۫	وَ
نہیں وہ تھکتا	انسان	بھلائی مانگنے سے	اور

اِنۡ	مَّسَّهُ	الشَّرُّ [12]	فَیَـُٔوۡسٌ [13][14]	قَنُوۡطٌ [13][14] (49)
اور	پہنچے اُسے	تکلیف	تو بہت مایوس	سخت نا امید (ہو جاتا ہے)

وَ	لَئِنۡ	اَذَقۡنٰهُ	رَحۡمَةً [3][9]	مِّنَّا [8]
اور	یقیناً اگر	ہم چکھائیں اسے	کوئی رحمت	اپنی (طرف) سے

مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ [6]	مَسَّتۡهُ [3]	لَیَقُوۡلَنَّ	هٰذَا
(اس) تکلیف کے بعد	(جو) پہنچی ہو اُسے	بلاشبہ ضرور وہ کہے گا	یہ (تو)

لِیۡ ۙ	وَمَاۤ [4]	اَظُنُّ	السَّاعَةَ [3]	قَآئِمَةً ۙ [3]
میرے لیے (ہے)	اور نہیں	میں سمجھتا	قیامت (کو)	قائم ہونے والی (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یُرَدُّ دراصل یُرۡدَدُ تھا پہلی د کی زبر پچھلے ساکن حرف کو دے کر اُسے اگلی د میں مدغم کیا گیا ہے اور جب بھی علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

2 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

3 ۃ، ات اور تِ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

5 تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

6 یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

8 مِنَّا دراصل مِنۡ + نَا کا مجموعہ ہے۔

9 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے

10 ظن کا معنی گمان کرنا، خیال کرنا اور یقین کرنا ہوتا ہے یہاں یقین کرنا مراد ہے۔

11 مَّحِیۡصٌ دراصل مَّحۡیِصٌ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے ی کی زیر پچھلے ساکن حرف کو دی گئی ہے۔

12 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

13 فَعُوۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

14 فَیَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ بہت نا اُمید ہونے والا دونوں اکٹھے لانے سے یا تو تاکید مراد ہے یا پھر یأس سے مراد دل کا خیر کی امید سے خالی ہونا اور قنوط سے مراد چہرے اور بدن پر نا اُمیدی کا ظاہر ہونا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ط	قیامت کا علم اسی (اللہ) کی طرف لوٹایا جاتا ہے
وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ	اور نہیں نکلتا کوئی پھل
مِّنْ اَكْمَامِهَا	اپنے غلافوں سے
وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى	اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے
وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ط	اور نہ وہ (کوئی بچہ) جنتی ہے مگر اس کے علم سے
وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ	اور (جس) دن وہ اُنہیں (یعنی مشرکوں کو) پکارے گا
اَيْنَ شُرَكَآءِيْ لا	(اور کہے گا) میرے شریک کہاں ہیں؟
قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ لا	(تو) وہ کہیں گے ہم نے آپ سے عرض کر دی ہے
مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ج (47)	ہم میں سے کوئی (اس بات کا) گواہ نہیں ہے۔ (47)
وَضَلَّ عَنْهُمْ	اور ان سے (وہ) گم ہو جائیں گے
مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ	جنہیں وہ اس سے پہلے پکارتے تھے
وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ (48)	اور وہ سمجھ لینگے (کہ) انکے لیے کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں (48)
لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ	انسان تھکتا نہیں ہے
مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ز	بھلائی مانگنے سے
وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ	اور اگر اسے تکلیف پہنچے
فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ (49)	تو بہت مایوس سخت نااُمید ہو جاتا ہے۔ (49)
وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا	اور یقیناً اگر ہم اسے اپنی طرف سے کوئی رحمت چکھائیں
مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ	(اس) تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی ہو
لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ لا	(تو) بلاشبہ ضرور وہ کہے گا یہ تو میرا (حق) ہے
وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً لا	اور میں نہیں سمجھتا (کہ) قیامت قائم ہونے والی ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
يُرَدُّ	: رد، تردید، مردود۔
عِلْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
وَ	: شان وشوکت، رحم وکرم۔
تَخْرُجُ	: خارج، خروج، اخراج۔
ثَمَرٰتٍ	: ثمر، ثمرات، ثمرہ۔
تَحْمِلُ	: حمل، حامل، محمول، حاملہ۔
اُنْثٰى	: مونث ومذکر، تذکیر وتانیث۔
تَضَعُ	: وضع حمل، وضع قطع۔
اِلَّا	: الاماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
يُنَادِيْهِمْ	: ندا، منادی، ندائے ملت۔
شُرَكَآءِيْ	: شرک، شریک، شراکت۔
قَالُوْٓا	: قول، اقوال، مقولہ، قوّال۔
ضَلَّ	: ضلالت وگمراہی۔
يَدْعُوْنَ	: دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل از غذا۔
ظَنُّوْا	: ظن، بدظن، ظن غالب۔
مِنْ	: شفا من جانب اللہ، شافی۔
الْخَيْرِ	: خیر وعافیت، خیریت۔
مَسَّهُ	: مس، مساس۔
الشَّرُّ	: خیر وشر، شریر، شرارت۔
فَيَئُوْسٌ	: مایوس، یاس وناامیدی۔
اَذَقْنٰهُ	: ذائقہ، بدذائقہ۔
رَحْمَةً	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
بَعْدِ	: بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔
ضَرَّآءَ	: مضر صحت، ضرر رساں۔
هٰذَا	: لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
اَظُنُّ	: بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
قَآئِمَةً	: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔

وَ	لَئِنْ	رُّجِعْتُ [1]	اِلٰى رَبِّيْٓ	اِنَّ
اور	واقعی اگر	میں لوٹایا گیا	اپنے رب کی طرف	بے شک

لِيْ	عِنْدَهٗ	لَلْحُسْنٰى ج [2]	فَلَنُنَبِّئَنَّ [3]
میرے لیے	اس کے پاس	یقیناً بھلائی (ہے)	پس ضرور بالضرور ہم بتلائیں گے

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِمَا [4]	عَمِلُوْا ز	وَ
(اُن لوگوں کو) جن	سب نے کفر کیا	اُس کے بارے میں جو	ان سب نے عمل کیا	اور

لَنُذِيْقَنَّهُمْ [3][5]	مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ (50) [6]	وَاِذَآ	اَنْعَمْنَا [7]
ضرور بالضرور ہم چکھائیں گے انہیں	سخت عذاب	اور جب	ہم انعام کرتے ہیں

عَلَى الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَ	نَا [8]	بِجَانِبِهٖ ج [9]
انسان پر	وہ منہ موڑ لیتا ہے	اور	دور کر لیتا ہے	اپنے پہلو کو

وَاِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ	فَذُوْ دُعَآءٍ	عَرِيْضٍ (51)
اور جب	پہنچتی ہے اسے	تکلیف	تو دعا والا (ہو جاتا ہے)	(لمبی) چوڑی

قُلْ	اَ	رَءَيْتُمْ	اِنْ	كَانَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
آپ کہہ دیجیے	کیا	تم نے دیکھا (غور کیا)	اگر	وہ (قرآن) ہو	اللہ (کی طرف) سے

ثُمَّ	كَفَرْتُمْ	بِهٖ [9]	مَنْ	اَضَلُّ [10]	مِمَّنْ [11]
پھر	تم نے انکار کر دیا	اس کا	(تو) کون	زیادہ گمراہ (ہوگا)	(اس) سے جو

هُوَ	فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ (52)	سَنُرِيْهِمْ [5]	اٰيٰتِنَا
(کہ) وہ	دور کی مخالفت میں (پڑا ہو)	عنقریب ضرور ہم دکھائیں گے انہیں	اپنی نشانیاں

فِي الْاٰفَاقِ [12]	وَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ [13]
آفاق (عالم) میں	اور	(خود) ان کے نفسوں میں	یہاں تک کہ	وہ واضح ہو جائے

لَهُمْ	اَنَّهُ	الْحَقُّ ط	اَوَ [14]	لَمْ	يَكْفِ [15]
ان کے لیے	کہ بیشک وہ (قرآن)	حق ہے	اور کیا	نہیں	کافی

بِرَبِّكَ	اَنَّهٗ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ (53)
آپ کا رب	کہ بے شک وہ	ہر چیز پر	خوب گواہ (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

2 اسم کے آخر میں ـٰی واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

3 لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

4 یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً کے بارے میں کیا گیا ہے۔

5 هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

6 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ کبھی حال میں اور کبھی مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

8 نَا دراصل نَئَیَ تھا قاعدے کے مطابق ی کو ا سے بدلا گیا ہے۔

9 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

10 اسم کے شروع میں علامت "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

11 مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔

12 اَلْاٰفَاقِ اُفُق کی جمع ہے یعنی دنیا کے کناروں میں۔

13 علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

14 جب "اَ" کے بعد "وَ یا فَ" ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

15 یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں یہ دراصل یَكْفِيْ تھا قاعدے کے مطابق لَمْ کے بعد فعل کے آخر میں ی کو حذف کیا گیا ہے۔

وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ	اور واقعی اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا (بھی) گیا
اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ	بیشک میرے لیے اسکے پاس (بھی) یقیناً بھلائی ہے
فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ	پس ضرور بالضرور ہم (ان لوگوں کو) بتلائیں گے جنہوں نے
كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫	کفر کیا اس کے بارے میں جو انہوں نے عمل کیا
وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	اور ضرور بالضرور ہم انہیں چکھائیں گے
مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿50﴾	سخت عذاب (کا مزہ)۔ ﴿50﴾
وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ	اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ	(تو) وہ منہ موڑ لیتا ہے اور اپنے پہلو کو پھیر لیتا ہے
وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ	اور جب اُسے تکلیف پہنچتی ہے
فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿51﴾	تو (وہ لمبی) چوڑی دعا (کرنے) والا ہو جاتا ہے۔ ﴿51﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ	کہہ دیجیے کیا تم نے دیکھا (غور کیا)
اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	اگر وہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہوا
ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ	پھر تم نے اس کا انکار کر دیا (تو) کون زیادہ گمراہ ہوگا
مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿52﴾	اس سے جو (کہ) وہ دور کی مخالفت میں (پڑا) ہو۔ ﴿52﴾
سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا	عنقریب ضرور ہم انہیں اپنی نشانیاں دکھائیں گے
فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	آفاقِ (عالم) میں اور (خود) ان کے نفسوں میں (بھی)
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ	یہاں تک کہ ان کے لیے واضح ہو جائے
اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ	کہ بے شک وہ (قرآن) ہی حق ہے
اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ	اور (بھلا) کیا آپ کا رب اس بات پر کافی نہیں
اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿53﴾	کہ بے شک وہ ہر چیز پر پوری طرح گواہ ہے۔ ﴿53﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ : شان و شوکت، رحم و کرم۔
- رُّجِعْتُ : رجوع، رجعت پسندی۔
- اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
- لَلْحُسْنٰى : حسن سلوک، اسماء حسنیٰ۔
- فَلَنُنَبِّئَنَّ : نبی، نبوت، انبیائے کرام۔
- كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- عَمِلُوْا : عمل، اعمال، معمول زندگی۔
- لَنُذِيْقَنَّهُمْ : خوش ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔
- اَنْعَمْنَا : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
- اَعْرَضَ : اعراض کرنا۔
- بِجَانِبِهٖ : جانب، جانبین، منجانب۔
- مَسَّهُ : مس، مساس۔
- الشَّرُّ : خیر و شر، شریر، شرارت۔
- فَذُوْ : ذوالجلال، ذو معنی، ذوالجناح۔
- دُعَآءٍ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
- عَرِيْضٍ : طول و عرض، وسیع و عریض۔
- اَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال، غیر مرئی اشیا۔
- كَفَرْتُمْ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- اَضَلُّ : ضلالت و گمراہی۔
- فِيْ : فی الحال، فی سبیل اللہ۔
- بَعِيْدٍ : بُعد، بعید از قیاس، بعید از عقل۔
- الْاٰفَاقِ : آفاق، آفاقی، آفاقِ عالم، اُفق۔
- اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
- يَتَبَيَّنَ : بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
- الْحَقُّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
- يَكْفِ : کافی، ناکافی، کفایت۔
- كُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
- شَيْءٍ : شے، اشیا، اشیائے خورد و نوش۔
- شَهِيْدٌ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔

ع 6/10/1

اَلَآ [1]	اِنَّهُمْ	فِيْ مِرْيَةٍ [2]	مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ
خبردار	بے شک وہ (لوگ)	شک میں (ہیں)	اپنے رب کی ملاقات سے
اَلَآ [1]	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَيْءٍ [3]	مُّحِيْطٌ [4] (54) ع
خبردار	بے شک وہ	ہر چیز کو	گھیرنے والا (ہے)

اٰيَاتُهَا: 53 — 42 سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ 62 — رُكُوْعَاتُهَا: 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ (1)	عٓسٓقٓ (2)	كَذٰلِكَ	يُوْحِيْٓ	اِلَيْكَ
حٰمٓ	عٓسٓقٓ	اسی طرح	وہ وحی کرتا ہے	آپ کی طرف
وَ	اِلَى الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ [5]	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ
اور	(اُن لوگوں) کی طرف جو	آپ سے پہلے (تھے)	(وہ) اللہ	(جو) نہایت غالب
الْحَكِيْمُ (3)	لَهٗ [6]	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ [2]	وَ
بہت حکمت والا (ہے)	اسی کا (ہے)	جو (کچھ)	آسمانوں میں (ہے)	اور
مَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	وَ	هُوَ الْعَلِيُّ [7]	الْعَظِيْمُ (4)
جو (کچھ)	زمین میں (ہے)	اور	وہ ہی بہت بلند	خوب عظمت والا (ہے)
تَكَادُ [8]	السَّمٰوٰتُ [2]	يَتَفَطَّرْنَ [9][10]	مِنْ فَوْقِهِنَّ [11]	وَ
قریب ہے کہ	آسمان	وہ پھٹ جائیں	اپنے اُوپر سے	اور
الْمَلٰٓئِكَةُ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ رَبِّهِمْ [11][3]	وَ	
فرشتے	وہ سب تسبیح کرتے ہیں	اپنے رب کی حمد کے ساتھ	اور	
يَسْتَغْفِرُوْنَ [12]	لِمَنْ	فِي الْاَرْضِ ؕ [13]	اَلَآ [1]	اِنَّ
وہ سب مغفرت مانگتے رہتے ہیں	(اُن) کے لیے جو	زمین میں (ہیں)	خبردار	بے شک
اللّٰهَ	هُوَ الْغَفُوْرُ [7]	الرَّحِيْمُ (5)	وَ	الَّذِيْنَ
اللہ	ہی بہت بخشنے والا	نہایت رحم والا (ہے)	اور	جن

اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ [5]	اَوْلِيَآءَ	اللّٰهُ	حَفِيْظٌ	عَلَيْهِمْ ۫ۖ
سب نے بنا لیے ہیں	اس کے سوا	کارساز	اللہ	خوب نگران (ہے)	ان پر

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اَلَآ حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔

[2] ةٍ اور اتٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[4] مُحِيْطٌ دراصل مُحْوِطٌ تھا اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق وٌ کو یٌ سے بدلا گیا ہے تو مُحِيْطٌ ہوا ہے۔

[5] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[6] لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کیا گیا ہے۔

[7] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[8] تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[9] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[10] ـْنَ جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[11] هِنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے جبکہ هِمْ جمع مذکر کی، اسم کے ساتھ دونوں کا ترجمہ ان کا، ان کی یا اپنا، اپنی ہوتا ہے۔

[12] فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے، مانگنے یا چاہنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ علامت یَ کی وجہ سے شروع میں سے أ حذف ہوا ہے۔

[13] یہاں زمین والوں سے مراد ایمان والے ہیں کیونکہ سورہ مومن آیت 7 میں واضح طور پر ایمان والوں کے لیے فرشتوں کے استغفار کا ذکر ہے۔

اَلَآ اِنَّهُمۡ	خبردار بے شک وہ (لوگ)
فِيۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡ لِّقَآءِ رَبِّهِمۡ ؕ	اپنے رب کی ملاقات سے شک میں ہیں
اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيۡءٍ مُّحِيۡطٌ ﴿54﴾	خبردار بے شک وہ ہر چیز کو گھیرنے والا ہے۔ ﴿54﴾

ع 6 10 1

اٰيَاتُهَا: 53 — 42 سُوۡرَةُ الشُّوۡرٰى مَكِّيَّةٌ 62 — رُكُوۡعَاتُهَا: 5

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

حٰمٓ ﴿1﴾ عٓسٓقٓ ﴿2﴾	حٰمٓ ﴿1﴾ عٓسٓقٓ ﴿2﴾
كَذٰلِكَ يُوۡحِيۡۤ اِلَيۡكَ	اسی طرح (اللہ) آپ کی طرف وحی کرتا ہے
وَاِلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۙ	اور ان (انبیاء) کی طرف جو آپ سے پہلے تھے
اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿3﴾	وہ اللہ (جو) نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿3﴾
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الۡاَرۡضِ ؕ	اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے
وَهُوَ الۡعَلِيُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿4﴾ تَكَادُ	اور وہ بہت بلند خوب عظمت والا ہے ﴿4﴾ قریب ہیں کہ
السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡ فَوۡقِهِنَّ	آسمان (اس کی ہیبت سے) اپنے اوپر سے پھٹ جائیں
وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوۡنَ بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ	اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں
وَيَسۡتَغۡفِرُوۡنَ	اور وہ مغفرت مانگتے رہتے ہیں
لِمَنۡ فِي الۡاَرۡضِ ؕ	ان کے لیے جو زمین میں ہیں
اَلَاۤ اِنَّ اللّٰهَ	خبردار بے شک اللہ
هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ﴿5﴾	وہی بہت بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ ﴿5﴾
وَالَّذِيۡنَ	اور (وہ لوگ) جنہوں نے
اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ	اس کے سوا (اور) کارساز بنا لیے ہیں
اللّٰهُ حَفِيۡظٌ عَلَيۡهِمۡ ۖ	اللہ ان پر (خوب) نگران ہے (یعنی وہ اللہ کی نگاہ میں ہیں)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِّنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
لِّقَآءِ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
رَبِّهِمۡ : رب، ربوبیت، مربی۔
بِكُلِّ : کل نمبر، کلی طور پر، کل ملا کر۔
شَيۡءٍ : شئے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔
مُّحِيۡطٌ : احاطہ، محیط۔
بِسۡمِ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
الرَّحۡمٰنِ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔
يُوۡحِيۡۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلَيۡكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل از غذا۔
الۡحَكِيۡمُ : حکیم، حکمت، حکما۔
مَا : ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔
الۡاَرۡضِ : قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
الۡعَلِيُّ : عالی مرتبت، عالی شان۔
الۡعَظِيۡمُ : عظمت، معظم، تعظیم۔
فَوۡقِهِنَّ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
الۡمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔
يُسَبِّحُوۡنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
بِحَمۡدِ : حمد و ثنا، حامد، محمود۔
يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
فِيۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الۡغَفُوۡرُ : مغفرت، استغفار۔
الرَّحِيۡمُ : رحم، رحمٰن، رحیم۔
اتَّخَذُوۡا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اَوۡلِيَآءَ : ولی، اولیاء، ولایت، مولیٰ۔
حَفِيۡظٌ : حافظ، محافظ، حفاظت، تحفظ۔
عَلَيۡهِمۡ : علی الاعلان علی العموم۔

وَمَآ	اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ [1][2] ۝6	وَ	كَذٰلِكَ
اور نہیں (ہیں)	آپ	ان پر	ہرگز کوئی ذمہ دار	اور	اسی طرح

اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا	لِّتُنْذِرَ [3]	اُمَّ الْقُرٰى [4]
ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	عربی قرآن (کی)	تاکہ آپ ڈرائیں	بستیوں کی ماں (مرکز) کو

وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَ	تُنْذِرَ	يَوْمَ الْجَمْعِ [5]
اور جو	اس کے ارد گرد (ہیں)	اور	آپ ڈرائیں	اکٹھے ہونے کے دن (سے)

لَا رَيْبَ [6]	فِيْهِ ؕ	فَرِيْقٌ [1]	فِي الْجَنَّةِ	وَ	فَرِيْقٌ [1]
کوئی شک نہیں	اُس میں	ایک گروہ	جنت میں (ہوگا)	اور	ایک گروہ

فِي السَّعِيْرِ ۝7	وَ	لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ [7]	لَجَعَلَهُمْ
بھڑکتی آگ میں (ہوگا)	اور	اگر	چاہتا اللہ	(تو) ضرور کر دیتا ان کو

اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّ	لٰكِنْ	يُّدْخِلُ	مَنْ	يَّشَآءُ
ایک اُمت	اور	لیکن	وہ داخل کرتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ	وَ	الظّٰلِمُوْنَ [8]	مَا	لَهُمْ
اپنی رحمت میں	اور	سب ظلم کرنے والے	نہیں (ہے)	اُن کے لیے

مِّنْ وَّلِيٍّ [9][1]	وَّلَا	نَصِيْرٍ [1] ۝8	اَمِ [10]	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ [9]
کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	کیا	اُنہوں نے بنا رکھے ہیں	اسکے سوا

اَوْلِيَآءَ ۚ	فَاللّٰهُ	هُوَ الْوَلِيُّ [11]	وَهُوَ	يُحْيِ	الْمَوْتٰى ؗ
(اور) کارساز	سو اللہ	وہی (اصل) کارساز ہے	اور وہ	وہ زندہ کرے گا	مردوں کو

ع 1/9/2

وَهُوَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ [12] ۝9 ع	وَمَا	اخْتَلَفْتُمْ
اور وہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	اور جو	تم نے اختلاف کیا

فِيْهِ	مِنْ شَيْءٍ [9][1]	فَحُكْمُهٗٓ	اِلَى اللّٰهِ ؕ	ذٰلِكُمُ [13]	اللّٰهُ
اس میں	کسی چیز (کا)	تو اس کا فیصلہ	اللہ کی طرف (ہے)	وہی	اللہ

رَبِّيْ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ [14] ۖ	وَ	اِلَيْهِ	اُنِيْبُ ۝10
میرا رب (ہے)	اسی پر	میں نے بھروسا کیا	اور	اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[2] بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے اور ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے

[3] فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے۔

[4] بستیوں کی ماں سے مراد بستیوں کا مرکز ہے کیونکہ یہیں پر اللہ کا پہلا گھر تعمیر ہوا جو پوری دنیا کی ہدایت کا مرکز ہے۔

[5] يَوْمَ الْجَمْعِ سے مراد قیامت کا دن ہے کیونکہ اس دن اگلے پچھلے سب جمع ہوں گے ۔

[6] لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

[7] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[8] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[9] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] اَمْ جب جملے کے شروع میں ہو تو ترجمہ کیا اور درمیان میں ہو تو ترجمہ یا کیا جاتا ہے

[11] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[12] فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے اور ترجمہ وہی رہتا ہے۔

[14] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَمَآ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ (6)	اور آپ اُن پر ہرگز کوئی ذمہ دار نہیں ہیں۔ (6)
وَكَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ	اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف وحی کی
قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا	عربی قرآن کی
لِّتُنۡذِرَ اُمَّ الۡقُرٰى	تاکہ آپ بستیوں کے مرکز (مکہ والوں) کو ڈرائیں
وَمَنۡ حَوۡلَهَا وَتُنۡذِرَ	اور (اُنہیں) جو اس کے ارد گرد ہیں اور آپ ڈرائیں
يَوۡمَ الۡجَمۡعِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ ؕ	اکٹھے ہونے کے دن سے جس (کے آنے) میں کوئی شک نہیں
فَرِيۡقٌ فِى الۡجَنَّةِ	(اس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا
وَفَرِيۡقٌ فِى السَّعِيۡرِ (7)	اور ایک گروہ بھڑکتی آگ میں ہوگا۔ (7)
وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ	اور اگر اللہ چاہتا (تو)
لَجَعَلَهُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنۡ	بلاشبہ انہیں ایک اُمت بنا دیتا، اور لیکن
يُّدۡخِلُ مَنۡ يَّشَآءُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ	وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے
وَالظّٰلِمُوۡنَ مَا لَهُمۡ مِّنۡ وَّلِىٍّ	اور (جو) ظالم ہیں ان کے لیے نہ کوئی دوست ہے
وَّلَا نَصِيۡرٍ (8)	اور نہ کوئی مددگار۔ (8)
اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ۚ	کیا انہوں نے اس کے سوا (اور) کارساز بنا رکھے ہیں
فَاللّٰهُ هُوَ الۡوَلِىُّ وَهُوَ يُحۡىِ الۡمَوۡتٰى	سو اللہ وہی (اصل) کارساز ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کریگا
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ (9) ع ½⁄₉	اور وہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ (9)
وَمَا اخۡتَلَفۡتُمۡ فِيۡهِ مِنۡ شَىۡءٍ	اور جس کسی چیز میں بھی تم نے اختلاف کیا
فَحُكۡمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ	تو اس کا فیصلہ اللہ کی طرف ہے
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّىۡ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ ۖ	وہی اللہ میرا رب ہے اسی پر میں نے بھروسا کیا
وَاِلَيۡهِ اُنِيۡبُ (10)	اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ (10)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	: شان وشوکت، رحم وکرم۔
عَلَيۡهِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِوَكِيۡلٍ	: وکیل، وکالت، موکّل۔
اَوۡحَيۡنَاۤ	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
عَرَبِيًّا	: عرب وعجم، عربی زبان۔
اُمَّ	: ام القریٰ، ام الامراض۔
الۡقُرٰى	: قریہ قریہ بستی بستی۔
حَوۡلَهَا	: ماحول، محکمہ ماحولیات۔
يَوۡمَ	: یوم، ایام، یوم آزادی۔
الۡجَمۡعِ	: جمع، جمیع، جامع، مجمع۔
لَا	: لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
رَيۡبَ	: کتاب لاریب، ریب وتردد۔
فَرِيۡقٌ	: فریقِ اوّل، فریقِ ثانی، فریقین۔
شَآءَ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت۔
وَّاحِدَةً	: واحد، احد، توحید۔
يُّدۡخِلُ	: داخل، داخلہ، مداخلت۔
رَحۡمَتِهٖ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
الظّٰلِمُوۡنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
وَّلِىٍّ	: ولی، ولایت، اولیائے کرام۔
نَصِيۡرٍ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
اتَّخَذُوۡا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
يُحۡىِ	: احیائے سنت، حیات وممات۔
كُلِّ	: کل نمبر، کل جہان۔
شَىۡءٍ	: شے، اشیا، اشیائے خوردونوش۔
قَدِيۡرٌ	: قادر، قدیر، قدرت۔
اخۡتَلَفۡتُمۡ	: اختلاف، مختلف، اختلافی نوٹ۔
فَحُكۡمُهٗۤ	: حکم، احکام، حاکم، محکوم۔
تَوَكَّلۡتُ	: توکل، متوکل علی اللہ۔
اِلَيۡهِ	: مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اُنِيۡبُ	: انابت الی اللہ، منیب۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَاطِرُ [1]	السَّمٰوٰتِ [2]	وَ	الۡاَرۡضِ ؕ	جَعَلَ	لَكُمۡ [3]
پیدا کرنے والا	آسمانوں (کا)	اور	زمین (کا)	اس نے بنا دیے	تمہارے لیے

مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ	اَزۡوَاجًا	وَّ	مِنَ الۡاَنۡعَامِ	اَزۡوَاجًا ۚ
تمہارے ہی نفسوں سے	جوڑے	اور	چوپاؤں سے (بھی)	جوڑے

يَذۡرَؤُكُمۡ	فِيۡهِ ؕ	لَيۡسَ	كَمِثۡلِهٖ [4]	شَىۡءٌ ۚ [5]	وَ
وہ پھیلاتا ہے تمہیں	اس میں	نہیں	اس کی مثال کی طرح	کوئی چیز	اور

هُوَ السَّمِيۡعُ [6]	الۡبَصِيۡرُ ﴿11﴾	لَهٗ [3]	مَقَالِيۡدُ [7]	السَّمٰوٰتِ [2]
وہی خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا (ہے)	اسی کے پاس	کنجیاں (ہیں)	آسمانوں (کی)

وَ	الۡاَرۡضِ ۚ	يَبۡسُطُ	الرِّزۡقَ [8]	لِمَنۡ	يَّشَآءُ
اور	زمین (کی)	وہ فراخ کرتا ہے	رزق کو	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے

وَ	يَقۡدِرُ ؕ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَىۡءٍ [9]	عَلِيۡمٌ ﴿12﴾
اور	وہ تنگ کرتا ہے	بے شک وہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا (ہے)

شَرَعَ	لَكُمۡ [3]	مِّنَ الدِّيۡنِ	مَا	وَصّٰى
اس نے مقرر کیا ہے	تمہارے لیے	دین سے	جو (کہ)	اس نے تاکیدی حکم بھیجا

بِهٖ [9]	نُوۡحًا	وَّالَّذِىۡۤ	اَوۡحَيۡنَاۤ [10]	اِلَيۡكَ	وَمَا
اس کا	نوح کو	اور جو	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	اور جو

وَصَّيۡنَا [10]	بِهٖۤ [9]	اِبۡرٰهِيۡمَ	وَمُوۡسٰى	وَعِيۡسٰٓى
ہم نے تاکیدی حکم بھیجا	اس کا	ابراہیم	اور موسیٰ	اور عیسیٰ (کو)

اَنۡ	اَقِيۡمُوا	الدِّيۡنَ [8]	وَلَا	تَتَفَرَّقُوۡا [11] [12]
یہ کہ	تم سب قائم رکھو	دین کو	اور مت	تم سب جدا جدا ہو جاؤ

فِيۡهِ ؕ	كَبُرَ [13]	عَلَى الۡمُشۡرِكِيۡنَ [14]	مَا	تَدۡعُوۡهُمۡ
اس میں	گراں گزرتی ہے	سب شرک کرنے والوں پر	جو	آپ بلاتے ہیں انہیں

اِلَيۡهِ ؕ	اَللّٰهُ	يَجۡتَبِىۡۤ	اِلَيۡهِ	مَنۡ	يَّشَآءُ [15]
اس کی طرف	اللہ	وہ چن لیتا ہے	اپنی طرف	جسے	وہ چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

2 ات جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

3 لَكُمۡ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

4 "كَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

5 اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

6 هُوَ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

7 مَقَالِيۡدُ جمع ہے مِقۡلَادٌ یا مِقۡلِيۡدٌ کی اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جو ساری کائنات کا احاطہ کیے ہوئے ہو بعض نے اس سے مراد خزانے اور بعض نے چابیاں لی ہیں۔

8 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

9 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

10 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

11 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے

12 علامت "تَ" اور شد میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

13 كَبُرَ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ حال میں کیا گیا ہے۔

14 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

15 یعنی جس کو ہدایت کا مستحق سمجھتا ہے اُسے ہدایت کے لیے چن لیتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط	(وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے
جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا	اس نے تمہارے ہی نفسوں سے تمہارے جوڑے بنادیے
وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ج	اور چوپاؤں سے (بھی ان کے) جوڑے (بنادیے)
يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ط	وہ تمہیں اس (جہاں) میں پھیلاتا ہے
لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ج	اس کی مثل کوئی چیز نہیں ہے
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿11﴾	اور وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿11﴾
لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج	اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ	وہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کو فراخ کردیتا ہے
وَيَقْدِرُ ط	اور وہ (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کردیتا ہے
اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿12﴾	بے شک وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿12﴾
شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ	اس نے تمہارے لیے دین سے (وہی طریقہ) مقرر کیا ہے
مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا	جس (کے اختیار کرنے) کا تاکیدی حکم اس نے نوح کو دیا
وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ	اور جس کی (اے محمد ﷺ) ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی ہے
وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ	اور جس (کو اختیار کرنے) کا ہم نے تاکیدی حکم دیا
اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى	ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو
اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ	یہ کہ تم (اس) دین کو قائم رکھو
وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ط	اور اس (دین) میں جدا جدا نہ ہو جاؤ (یعنی پھوٹ نہ ڈالنا)
كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ	(وہ بات) مشرکین پر گراں گزرتی ہے
مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ط	جس کی طرف آپ اُنہیں بلاتے ہیں
اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ	اللہ جسے چاہتا ہے (اُسے) اپنی طرف چن لیتا ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فَاطِرُ	فطرت، فطری طور پر۔
السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ۔
وَ	شان وشوکت، رحم وکرم۔
الْاَرْضِ	ارض وسماء، قطعہ اراضی۔
مِّنْ	منجانب، من حیث القوم۔
اَنْفُسِكُمْ	نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اَزْوَاجًا	زوج، ازواج، زوجیت۔
الْاَنْعَامِ	عوام کالانعام۔
كَمِثْلِهٖ	کالعدم، کماحقہ/مثل، مثال۔
شَيْءٌ	شئے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔
السَّمِيْعُ	سمع وبصر، آلہ سماعت، سامع۔
الْبَصِيْرُ	بصارت، بصیرت، تبصرہ۔
الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعہ اراضی۔
يَبْسُطُ	بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔
يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، مشیت الٰہی۔
بِكُلِّ	کل کائنات، کل جہان۔
عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
شَرَعَ	شریعت، شرعی احکام۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
وَصّٰى	وصیت نامہ، آخری وصیت۔
اَوْحَيْنَآ	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلَيْكَ	مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَقِيْمُوا	قائم، قیام، اقامت دین۔
تَتَفَرَّقُوْا	تفریق، متفرق، فرقہ واریت۔
كَبُرَ	کبر، کبیر، اکبر، تکبر۔
عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْمُشْرِكِيْنَ	شرک، شریک، مشرک۔
تَدْعُوْهُمْ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
اِلَيْهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	یَهۡدِیۡۤ	اِلَیۡهِ	مَنۡ [1]	یُّنِیۡبُ ۝13	وَ
اور	وہ ہدایت دیتا ہے	اپنی طرف	(اسے) جو	وہ رجوع کرتا ہے	اور

مَا [2]	تَفَرَّقُوۡۤا [3]	اِلَّا	مِنۡۢ بَعۡدِ مَا [4][2]	جَآءَهُمُ
نہیں	وہ سب جدا جدا ہوئے	مگر	(اس کے) بعد کہ	آچکا ان کے پاس

الۡعِلۡمُ	بَغۡیًۢا	بَیۡنَهُمۡ ؕ [5]	وَ	لَوۡلَا [6]
علم	(محض) ضد کی وجہ سے	اپنے درمیان (یعنی آپس کی)	اور	اگر نہ (ہوتی)

كَلِمَةٌ [8][7]	سَبَقَتۡ [7]	مِنۡ رَّبِّكَ	اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى [8]
ایک بات	پہلے سے طے ہو چکی	آپ کے رب (کی طرف) سے	ایک مقرر وقت تک

لَّقُضِیَ [9]	بَیۡنَهُمۡ ؕ [5]	وَ	اِنَّ	الَّذِیۡنَ
ضرور فیصلہ کر دیا جاتا	ان کے درمیان	اور	بے شک	(وہ لوگ) جو

اُوۡرِثُوا [9]	الۡكِتٰبَ	مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ [5][4]	لَفِیۡ شَكٍّ	مِّنۡهُ
سب وارث بنائے گئے	کتاب (کے)	ان کے بعد	یقیناً شک میں (ہیں)	اس سے

مُرِیۡبٍ ۝14 [10]	فَلِذٰلِكَ	فَادۡعُ ۚ	وَ	اسۡتَقِمۡ
اضطراب میں ڈالنے والا	پس اس (دین) کے لیے	پس آپ بلائیں	اور	آپ ثابت قدم رہیں

كَمَاۤ [2]	اُمِرۡتَ ۚ [9]	وَلَا	تَتَّبِعۡ	اَهۡوَآءَهُمۡ ؕ [5]
جس طرح	آپ کو حکم دیا گیا ہے	اور نہ	آپ پیروی کریں	ان کی خواہشات (کی)

وَ	قُلۡ	اٰمَنۡتُ	بِمَاۤ [2]	اَنۡزَلَ
اور	آپ کہہ دیجیے	میں ایمان لایا	(اس) پر جو	نازل کی

اللّٰهُ [11]	مِنۡ كِتٰبٍ ۚ [4]	وَ	اُمِرۡتُ [9]	لِاَعۡدِلَ [12]
اللہ نے	کتاب	اور	میں حکم دیا گیا ہوں	کہ میں انصاف کروں

بَیۡنَكُمۡ ؕ	اَللّٰهُ	رَبُّنَا [13]	وَ	رَبُّكُمۡ ؕ [14]
تمہارے درمیان	اللہ (ہی)	ہمارا رب (ہے)	اور	تمہارا رب (ہے)

لَنَاۤ	اَعۡمَالُنَا [13]	وَ	لَكُمۡ	اَعۡمَالُكُمۡ ؕ [15][14]
ہمارے لیے	ہمارے اعمال	اور	تمہارے لیے	تمہارے اعمال

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] مَنۡ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون، کس بھی کیا جاتا ہے۔

[2] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[3] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[4] یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[5] هُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔

[6] لَوۡلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

[7] ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[8] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[9] فعل کے شروع پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[10] مُرِیۡبٌ دراصل مُرۡیِبٌ تھا اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے، یہاں قاعدے کے مطابق یْ کی زیر پچھلے حرف کو دے کر اُسے ساکن کیا گیا ہے۔

[11] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[12] فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ یا کہ کیا جاتا ہے۔

[13] نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے

[14] کُمۡ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[15] یعنی ہمیں ہمارے اعمال کا اور تمہیں تمہارے اعمال کا بدلہ ملے گا۔

وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ	اور وہ اپنی طرف (اسے) ہدایت دیتا ہے
مَنْ يُّنِيْبُ (13)	جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے۔ (13)
وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا	اور نہیں وہ جدا جدا ہوئے مگر اس کے بعد کہ
جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ؕ	انکے پاس علم آچکا (محض) اپنے درمیان ضد کی وجہ سے
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ	اور اگر ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی
مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	آپ کے رب کی طرف سے ایک مقرر وقت تک
لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ	(تو) ضرور ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا
وَاِنَّ الَّذِيْنَ	اور بے شک (وہ لوگ) جو
اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ	ان کے بعد (اس) کتاب کے وارث بنائے گئے
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ	یقیناً (وہ) اس کے بارے میں (ایسے) شک میں مبتلا ہیں
مُرِيْبٍ (14)	(جو کہ) اضطراب میں ڈالنے والا ہے۔ (14)
فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ	سو (اے محمد ﷺ) اس (دین) کی طرف پس آپ بلائیں
وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ	اور (اسی پر) ثابت قدم رہیں جیسا کہ آپکو حکم دیا گیا ہے
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ	اور آپ ان کی خواہشات کی پیروی مت کریں
وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ	اور آپ کہہ دیجیے میں اس پر ایمان لایا جو
اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ	اللہ نے کتاب نازل کی
وَاُمِرْتُ	اور میں حکم دیا گیا ہوں
لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ	کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں
اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ	اللہ ہی ہمارا رب ہے اور تمہارا رب ہے، ہمارے لیے
اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ	ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	: شان وشوکت، رحم وکرم۔
يَهْدِيْٓ	: ہدایت، ہادی برحق، مہدی۔
يُّنِيْبُ	: انابت الی اللہ، منیب۔
تَفَرَّقُوْٓا	: فریق، تفرقہ، فرقہ واریت۔
اِلَّا	: الاماشاءاللہ، الاقلیل۔
بَعْدِ	: بعد از نماز، بعد از طعام۔
الْعِلْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بَغْيًا	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
كَلِمَةٌ	: کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔
سَبَقَتْ	: سبقت، سابقہ، حسب سابق۔
اَجَلٍ	: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
مُّسَمًّى	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
لَّقُضِيَ	: قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
اُوْرِثُوا	: وارث، وراثت، ورثا۔
الْكِتٰبَ	: کتاب، کُتب، کاتب، کتابت۔
شَكٍّ	: شک، شکوک، مشکوک۔
فَادْعُ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
اسْتَقِمْ	: استقامت، خطِ مستقیم۔
كَمَآ	: کالعدم، کماحقہ/ماحول، ماتحت۔
اُمِرْتَ	: امر، آمر، مامور، امور۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
تَتَّبِعْ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَهْوَآءَ	: ہوائے نفس۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
اٰمَنْتُ	: امن، ایمان، مومن۔
بِمَآ	: ماورائے عدالت، ماحول۔
اَنْزَلَ	: نازل، نزول، منزل من اللہ۔
لِاَعْدِلَ	: عدل، عادل، عدلیہ۔
بَيْنَكُمْ	: بین السطور، بین الاقوامی۔
اَعْمَالُنَا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔

لَا حُجَّةَ [1]	بَیۡنَنَا	وَ	بَیۡنَکُمۡ ؕ	اَللّٰهُ	یَجۡمَعُ
کوئی جھگڑا نہیں	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان	اللہ	وہ جمع کرے گا

لَعِلۡمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، علّامہ۔
فَلَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
اتَّبِعُوۡنِ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
هٰذَا	: لہٰذا، مسجد ہذا، حامل رقعہ ہذا۔
صِرَاطٌ	: صراط مستقیم، پل صراط۔
مُسۡتَقِيۡمٌ	: صراط مستقیم، خط مستقیم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	لَا یَصُدَّنَّکُمُ [1]	الشَّیۡطٰنُ ۚ [2]	اِنَّهٗ	لَکُمۡ
اور	ہرگز نہ روکے تمہیں (اس سے)	شیطان	بے شک وہ	تمہارے لیے
عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ (62)	وَلَمَّا	جَآءَ عِیۡسٰی	بِالۡبَیِّنٰتِ [3]	قَالَ
کھلا دشمن (ہے)	اور جب	آئے عیسیٰ	واضح دلائل کے ساتھ	اس نے کہا
قَدۡ	جِئۡتُکُمۡ [4]	بِالۡحِکۡمَةِ [5] [3]	وَ	لِاُبَیِّنَ [6]
یقیناً	میں لایا ہوں تمہارے پاس	حکمت	اور	تاکہ میں واضح کر دوں
لَکُمۡ	بَعۡضَ الَّذِیۡ	تَخۡتَلِفُوۡنَ	فِیۡهِ ۚ	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
تمہارے لیے	بعض (وہ باتیں) جو	تم سب اختلاف کرتے ہو	اُس میں	سو تم اللہ سے ڈرو
وَ	اَطِیۡعُوۡنِ [7] (63)	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	رَبِّیۡ
اور	تم سب میری اطاعت کرو	بے شک اللہ	وہی	میرا رب
وَ	رَبُّکُمۡ	فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ	هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِیۡمٌ (64)	
اور	تمہارا رب (ہے)	پس تم سب عبادت کرو اسی کی	یہی سیدھا راستہ (ہے)	
فَاخۡتَلَفَ	الۡاَحۡزَابُ [2]	مِنۡۢ بَیۡنِهِمۡ ۚ	فَوَیۡلٌ	
پھر اختلاف کیا	کئی گروہوں نے	ان کے درمیان میں سے (یعنی آپس میں)	پس تباہی (ہے)	
لِّلَّذِیۡنَ	ظَلَمُوۡا	مِنۡ عَذَابِ یَوۡمٍ اَلِیۡمٍ [8] (65)	هَلۡ [9]	
(اُن لوگوں) کے لیے جن	سب نے ظلم کیا	ایک دردناک دن کے عذاب سے	نہیں	
یَنۡظُرُوۡنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ [3]	اَنۡ	تَاۡتِیَهُمۡ [10]
وہ سب انتظار کر رہے	مگر	قیامت (کا)	کہ	وہ آجائے ان پر
بَغۡتَةً [3]	وَّ [11]	هُمۡ	لَا یَشۡعُرُوۡنَ [12] (66)	اَلۡاَخِلَّآءُ
اچانک	جبکہ	وہ سب	نہ وہ سب شعور رکھتے ہوں	سب دلی دوست
یَوۡمَئِذٍۢ	بَعۡضُهُمۡ	لِبَعۡضٍ	عَدُوٌّ	اِلَّا
اس دن	اُن کے بعض	بعض کے	دشمن (ہوں گے)	سوائے
الۡمُتَّقِیۡنَ ؕ (67)	یٰعِبَادِ	لَا خَوۡفٌ [13]	عَلَیۡکُمُ	الۡیَوۡمَ
پرہیزگاروں کے	اے (میرے) بندو	نہ کوئی خوف (ہے)	تم پر	آج

ع 6 11 12

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] لَا کے بعد فعل کے آخر میں نّ ہو تو اس میں تاکید کے ساتھ نفی کا حکم ہوتا ہے۔

[2] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[3] ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[4] جِئۡتُکُمۡ کا اصل ترجمہ میں آیا ہوں تمہارے پاس لیکن جب اسکے بعد بِ ہو تو پھر ترجمہ میں لایا ہوں تمہارے پاس ہوتا ہے۔

[5] یہاں بِ کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔

[6] فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[7] یہ دراصل اَطِیۡعُوۡا + یْ تھا علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے جب فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے اور آخر سے یْ وقف کی وجہ سے حذف ہے۔

[8] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔

[9] هَلۡ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے اگر اس کے بعد اِلَّا آرہا ہو تو اس هَلۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[10] تْ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[11] "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[12] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[13] خوف ہمیشہ آنے والی مصیبت پر ہوتا ہے اور غم ہمیشہ گزری ہوئی مصیبت پر ہوتا ہے تو ان متقین پر نہ آنے والی کسی مصیبت کا ڈر ہوگا اور نہ گزری ہوئی کا غم۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ج	اور تمہیں ہرگز (اس سے) شیطان نہ روکے
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (62)	بیشک وہ تمہارے لیے کھلا دشمن ہے۔ (62)
وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ	اور جب عیسیٰ واضح دلائل کے ساتھ آئے، اس نے کہا
قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ	یقیناً میں تمہارے پاس حکمت لے کر آیا ہوں
وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ	اور تاکہ میں تمہارے لیے واضح کر دوں
بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ج	بعض (وہ باتیں) جس میں تم اختلاف کرتے ہو
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (63)	سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ (63)
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ	بے شک اللہ وہی میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے
فَاعْبُدُوْهُ ط	پس اسی کی عبادت کرو
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (64)	یہی سیدھا راستہ ہے۔ (64)
فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ج	پھر انکے درمیان میں سے کئی گروہوں نے اختلاف کیا
فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	پس (اُن لوگوں) کے لیے تباہی ہے جنہوں نے ظلم کیا
مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ (65)	ایک دردناک دن کے عذاب سے۔ (65)
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ	نہیں وہ انتظار کر رہے مگر قیامت کا
اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً	کہ وہ ان پر اچانک آجائے
وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (66)	جبکہ وہ شعور نہ رکھتے ہوں۔ (66)
اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ	(دنیا میں بسنے والے) دلی دوست اس دن
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ	ان کے بعض بعض کے دشمن بن جائیں گے
ع 6 11 12 — اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ (67) ع	سوائے پرہیزگاروں کے (کہ وہ باہم دوست ہی رہیں گے) (67)
يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ	اے میرے بندو! آج نہ تم پر کوئی خوف ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	شان وشوکت، رحم وکرم۔
لَا	لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
عَدُوٌّ	عدوّ، اعداء، عداوت۔
مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
بِالْحِكْمَةِ	بالکل، بالواسطہ/حکمت ودانائی۔
بَعْضَ	بعض لوگ، بعض اوقات۔
تَخْتَلِفُوْنَ	خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
فِيْهِ	فی الحال، فی الفور، فی سبیل اللہ۔
فَاتَّقُوْا	تقویٰ، متقی۔
اَطِيْعُوْنِ	اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
فَاعْبُدُوْهُ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
هٰذَا	لہٰذا، مسجد ہٰذا، حامل رقعہ ہٰذا۔
صِرَاطٌ	پل صراط، صراط، صراط مستقیم۔
مُّسْتَقِيْمٌ	صراط مستقیم، خط مستقیم۔
الْاَحْزَابُ	حزب اللہ، حزب الشیطان۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
بَيْنِهِمْ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی
ظَلَمُوْا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
يَوْمٍ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
اَلِيْمٍ	عذابِ الیم، المناک، رنج والم۔
يَنْظُرُوْنَ	انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔
يَشْعُرُوْنَ	عقل وشعور، شعوری طور پر۔
الْاَخِلَّآءُ	خلیل، خلیل اللہ۔
بَعْضُهُمْ	بعض الناس، بعض اوقات۔
الْمُتَّقِيْنَ	تقویٰ، متقی۔
يٰعِبَادِ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
خَوْفٌ	خوف، خائف، خوف وہراس۔
عَلَيْكُمْ	علیٰ ہٰذا القیاس، علیحدہ۔

وَ	لَآ	اَنۡتُمۡ	تَحۡزَنُوۡنَ ﴿68﴾	اَلَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
اور	نہ	تم	تم سب غمگین ہو گے	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے

بِاٰيٰتِنَا [1]	وَ	كَانُوۡا	مُسۡلِمِيۡنَ ﴿69﴾	اُدۡخُلُوا
ہماری آیات پر	اور	وہ سب تھے	سب فرمانبردار	(ان سے کہا جائے گا) تم سب داخل ہو جاؤ

الۡجَنَّةَ [2]	اَنۡتُمۡ	وَ	اَزۡوَاجُكُمۡ [3]	تُحۡبَرُوۡنَ [4][5] ﴿70﴾
جنت (میں)	تم	اور	تمہاری بیویاں	تم سب خوش کیے جاؤ گے

يُطَافُ [5][6]	عَلَيۡهِمۡ	بِصِحَافٍ مِّنۡ ذَهَبٍ [1]	وَّ	اَكۡوَابٍ
دور چلایا جائے گا	ان پر	سونے کے تھالوں سے	اور	پیالوں (سے)

وَ	فِيۡهَا	مَا	تَشۡتَهِيۡهِ [7]	الۡاَنۡفُسُ	وَتَلَذُّ [7]
اور	اس (جنت) میں	جو	چاہیں گے اُسے	نفس (جمع)	اور (جس سے) لذت محسوس کریں گی

الۡاَعۡيُنُ	وَ	اَنۡتُمۡ	فِيۡهَا	خٰلِدُوۡنَ [8] ﴿71﴾
آنکھیں	اور	تم	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے (ہو)

وَ	تِلۡكَ [9]	الۡجَنَّةُ [2]	الَّتِيۡۤ	اُوۡرِثۡتُمُوۡهَا [10]
اور	یہی	(وہ) جنت (ہے)	جو	تم سب وارث بنائے گئے ہو اُس کے

بِمَا [1]	كُنۡتُمۡ	تَعۡمَلُوۡنَ ﴿72﴾	لَكُمۡ	فِيۡهَا	فَاكِهَةٌ [2]
(اس) وجہ سے جو	تھے تم	تم سب عمل کرتے	تمہارے لیے	اس میں	میوے (ہیں)

كَثِيۡرَةٌ [2]	مِّنۡهَا	تَاۡكُلُوۡنَ ﴿73﴾	اِنَّ	الۡمُجۡرِمِيۡنَ [11]
بہت	اُن سے	تم سب کھاؤ گے	بے شک	سب جرم کرنے والے

فِيۡ عَذَابِ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوۡنَ [8] ﴿74﴾	لَا يُفَتَّرُ [5]	عَنۡهُمۡ
جہنم کے عذاب میں	سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	وہ ہلکا نہیں کیا جائے گا	ان سے

وَ	هُمۡ [12]	فِيۡهِ	مُبۡلِسُوۡنَ [11] ﴿75﴾	وَ	مَا [13]
اور	وہ سب	اس میں	سب نا اُمید ہونے والے (ہیں)	اور	نہیں

ظَلَمۡنٰهُمۡ	وَ	لٰكِنۡ	كَانُوۡا	هُمُ الظّٰلِمِيۡنَ [14] ﴿76﴾
ہم نے ظلم کیا ان پر	اور	لیکن	وہ سب تھے	(خود) ہی سب ظلم کرنے والے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[2] ة واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] زوج کی نسبت اگر مذکر کی طرف ہو تو اس سے مراد بیوی اور اگر مؤنث کی طرف ہو تو اس سے مراد خاوند ہوتا ہے۔

[4] ایسی خوشی جو انکے چہروں سے عیاں ہوگی اور یہ خوشی و مسرت اُنہیں جنت میں ملنے والی نعمتوں اور عزت کی وجہ سے ہوگی۔

[5] ی، تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[6] يُطَافُ دراصل يُطۡوَفُ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق يُطَافُ ہوا ہے۔

[7] تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[8] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] تِلۡكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے اور یہ علامت بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

[10] تُمۡ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمۡ اور اس علامت کے درمیان "و" کا اضافہ کر کے م پر پیش دی جاتی ہے۔

[11] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[12] علامت هُمۡ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔

[13] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[14] هُمۡ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَلَاۤ اَنۡتُمۡ تَحۡزَنُوۡنَ ﴿68﴾	اور نہ تم غمگین ہو گے۔ ﴿68﴾
اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاٰيٰتِنَا	(یہ وہ لوگ ہیں) جو ہماری آیات پر ایمان لائے
وَكَانُوۡا مُسۡلِمِيۡنَ ﴿69﴾	اور وہ (دنیا میں) فرمانبردار تھے۔ ﴿69﴾
اُدۡخُلُوا الۡجَـنَّةَ اَنۡتُمۡ	(ان سے کہا جائے گا کہ) تم جنت میں داخل ہو جاؤ
وَاَزۡوَاجُكُمۡ تُحۡبَرُوۡنَ ﴿70﴾	اور تمہاری بیویاں (بھی اور) تم خوش کیے جاؤ گے۔ ﴿70﴾
يُطَافُ عَلَيۡهِمۡ	ان پر دور چلایا جائے گا
بِصِحَافٍ مِّنۡ ذَهَبٍ وَّاَكۡوَابٍ	سونے کے تھالوں اور پیالوں سے
وَفِيۡهَا مَا تَشۡتَهِيۡهِ الۡاَنۡفُسُ	اور اس (جنت) میں (ہر وہ کچھ موجود ہو گا) جسے نفس چاہیں گے
وَتَلَذُّ الۡاَعۡيُنُ	اور (جس سے) آنکھیں لذت محسوس کریں گی
وَاَنۡتُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿71﴾	اور تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو۔ ﴿71﴾
وَتِلۡكَ الۡجَـنَّةُ الَّتِىۡۤ اُوۡرِثۡتُمُوۡهَا	اور (یہی) وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو
بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿72﴾	اس وجہ سے جو تم عمل کیا کرتے تھے۔ ﴿72﴾
لَـكُمۡ فِيۡهَا فَاكِهَةٌ كَثِيۡرَةٌ	اس میں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں
مِّنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿73﴾	جن سے تم کھاؤ گے۔ ﴿73﴾
اِنَّ الۡمُجۡرِمِيۡنَ	(اور) بے شک مجرم لوگ
فِىۡ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿74﴾	جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿74﴾
لَا يُفَتَّرُ عَنۡهُمۡ	ان سے وہ (عذاب) ہلکا نہیں کیا جائے گا
وَهُمۡ فِيۡهِ مُبۡلِسُوۡنَ ﴿75﴾	اور وہ اس میں نا اُمید ہو کر پڑے رہیں گے۔ ﴿75﴾
وَمَا ظَلَمۡنٰهُمۡ	اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا
وَلٰـكِنۡ كَانُوۡا هُمُ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿76﴾	اور لیکن وہ (خود ہی) ظالم تھے۔ ﴿76﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَحۡزَنُوۡنَ : حزن وملال، عام الحزن۔
اٰمَنُوۡا : امن، ایمان، مؤمن۔
بِاٰيٰتِنَا : آیات، آیتِ قرآنی۔
مُسۡلِمِيۡنَ : مسلم، مسلمان، اسلام۔
اُدۡخُلُوا : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
الۡجَـنَّةَ : جنت الفردوس، جنت عدن۔
اَزۡوَاجُكُمۡ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
يُطَافُ : طواف بیت اللہ، مطاف۔
عَلَيۡهِمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِّنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماورائے عدالت۔
تَشۡتَهِيۡهِ : شہوت، شہوات، اشتہا۔
الۡاَنۡفُسُ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
تَلَذُّ : لذت، لذیذ۔
الۡاَعۡيُنُ : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
فِيۡهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
خٰلِدُوۡنَ : خالد، خلد بریں۔
اُوۡرِثۡتُمُوۡهَا : وارث، وراثت، ورثا۔
تَعۡمَلُوۡنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
كَثِيۡرَةٌ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
تَاۡكُلُوۡنَ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
الۡمُجۡرِمِيۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
عَذَابِ : عذاب، عذابِ الٰہی، عذاب جہنم۔
جَهَنَّمَ : عذاب جہنم، نار جہنم۔
خٰلِدُوۡنَ : خالد، خلد بریں۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
وَ : لیل ونہار، شان وشوکت۔
ظَلَمۡنٰهُمۡ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لٰـكِنۡ : لیکن۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَنَادَوْا [1]	يٰمٰلِكُ [2]	لِيَقْضِ [3]	عَلَيْنَا	رَبُّكَ ط
اور وہ سب پکاریں گے	اے مالک!	چاہیے کہ وہ فیصلہ کر دے (موت دے دے)	ہم پر	تیرا رب

قَالَ [1]	اِنَّكُمْ	مّٰكِثُوْنَ (77)	لَقَدْ	جِئْنٰكُمْ [4]
وہ کہے گا	بیشک تم	(اسی حالت میں) سب رہنے والے (ہو)	بلاشبہ یقیناً	ہم لائے تمہارے پاس

بِالْحَقِّ [5]	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَكُمْ	لِلْحَقِّ [6]	كٰرِهُوْنَ (78)
حق کو	اور لیکن	تمہارے اکثر	حق کو	سب ناپسند کرنے والے (تھے)

اَمْ [7]	اَبْرَمُوْٓا	اَمْرًا [8]	فَاِنَّا	مُبْرِمُوْنَ (79) [9] [10] ج
کیا	اُنہوں نے پختہ فیصلہ کر لیا ہے	کسی کام (کا)	تو بیشک ہم (بھی)	پختہ فیصلہ کرنے والے (ہیں)

اَمْ [7]	يَحْسَبُوْنَ	اَنَّا	لَا	نَسْمَعُ	سِرَّهُمْ
کیا	وہ سب سمجھتے ہیں	کہ بیشک ہم	نہیں	ہم سنتے	ان کی پوشیدہ بات

وَ	نَجْوٰىهُمْ ط	بَلٰى	وَ	رُسُلُنَا [11]	لَدَيْهِمْ
اور	ان کی سرگوشی	ہاں کیوں نہیں (ہم سن رہے ہیں)	اور	ہمارے بھیجے ہوئے	ان کے پاس

يَكْتُبُوْنَ (80)	قُلْ	اِنْ	كَانَ	لِلرَّحْمٰنِ [6]	وَلَدٌ صلے [8]
وہ سب لکھ لیتے ہیں	آپ کہہ دیجیے	اگر	ہو	رحمان کی	کوئی اولاد

فَاَنَا	اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ (81)	سُبْحٰنَ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ [12]
تو میں	پہلا (ہوتا اس کی) عبادت کرنے والوں (میں سے)	پاک (ہے)	آسمانوں کا رب

وَ	الْاَرْضِ	رَبِّ الْعَرْشِ	عَمَّا [13]	يَصِفُوْنَ (82)
اور	زمین کا (رب)	(اور) عرش کا رب	(ان باتوں) سے جو	وہ سب بیان کرتے ہیں

فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَ	يَلْعَبُوْا	حَتّٰى
پس آپ چھوڑ دیجیے انہیں	وہ سب فضول بحث کرتے رہیں	اور	وہ سب کھیلتے رہیں	حتیٰ کہ

يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ (83) [14]	وَ
وہ سب جا ملیں	اپنے (اس) دن کو	جس (کا)	وہ سب وعدہ دیے جاتے ہیں	اور

هُوَ الَّذِيْ	فِي السَّمَآءِ [15]	اِلٰهٌ	وَّ	فِي الْاَرْضِ [15]	اِلٰهٌ ط
وہی (ہے) جو	آسمان میں	(سچا) معبود (ہے)	اور	زمین میں (بھی)	(سچا) معبود (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

2 مالک جہنم کے ایک داروغہ کا نام ہے۔

3 فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

4 جِئْنٰكُمْ کا اصل ترجمہ ہے ہم آئے ہیں تمہارے پاس لیکن جب اس کے بعد علامت بِ ہو تو پھر ترجمہ ہم لائے ہیں تمہارے پاس ہوتا ہے۔

5 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

6 اسم کے شروع میں "لِ" کا ترجمہ کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

7 اَمْ جملے کے شروع میں ہو تو ترجمہ کیا اور درمیان میں آئے تو ترجمہ یا کیا جاتا ہے۔

8 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔

9 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

10 یہاں علامت ون کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے اظہار کے لیے جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

11 یہاں رسل سے مراد ایسے فرشتے ہیں جو نامۂ اعمال لکھتے ہیں۔

12 ات جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

13 عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔

14 یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

15 مشرکوں نے کچھ معبود آسمان میں بنا رکھے تھے مثلاً: فرشتے، سورج چاند اور بعض ستارے وغیرہ اور کچھ زمین میں انبیاء، اولیاء، قبریں، بت، درخت، پتھر وغیرہ۔

وَنَادَوۡا يٰمٰلِكُ	اور وہ (جہنم کے فرشتے کو) پکاریں گے اے مالک!
لِيَقۡضِ عَلَيۡنَا رَبُّكَ ؕ	چاہیے کہ تیرا رب ہم پر (موت کا) فیصلہ کر دے
قَالَ اِنَّكُمۡ مّٰكِثُوۡنَ ﴿77﴾	وہ کہے گا بیشک تم (اسی حالت میں ہی) رہنے والے ہو ﴿77﴾
لَقَدۡ جِئۡنٰكُمۡ بِالۡحَـقِّ وَلٰـكِنَّ	بلاشبہ یقیناً ہم تمہارے پاس حق لائے اور لیکن
اَكۡثَرَكُمۡ لِلۡحَـقِّ كٰرِهُوۡنَ ﴿78﴾	تمہارے اکثر حق کو ناپسند کرنے والے تھے۔ ﴿78﴾
اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا	کیا انہوں نے کسی کام کا پختہ فیصلہ کر لیا ہے
فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ﴿79﴾ ۚ	تو بیشک ہم بھی پختہ فیصلہ کرنے والے ہیں۔ ﴿79﴾
اَمۡ يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّا لَا نَسۡمَعُ	کیا وہ سمجھتے ہیں کہ بے شک ہم نہیں سنتے
سِرَّهُمۡ وَنَجۡوٰٮهُمۡ ؕ	ان کی پوشیدہ بات اور ان کی سرگوشی
بَلٰى وَرُسُلُنَا	ہاں کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)
لَدَيۡهِمۡ يَكۡتُبُوۡنَ ﴿80﴾	ان کے پاس لکھ لیتے ہیں۔ ﴿80﴾
قُلۡ اِنۡ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا	آپ کہہ دیجیے اگر رحمان کی کوئی اولاد ہو، تو میں
اَوَّلُ الۡعٰبِدِيۡنَ ﴿81﴾	سب سے پہلے (اسکی) عبادت کرنے والوں میں ہوں ﴿81﴾
سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	پاک ہے آسمانوں اور زمین کا رب (اور پاک ہے)
رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿82﴾	عرش کا رب ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں ﴿82﴾
فَذَرۡهُمۡ يَخُوۡضُوۡا	پس انہیں چھوڑ دیجیے (کہ) وہ فضول بحث کرتے رہیں
وَيَلۡعَبُوۡا حَتّٰى يُلٰقُوۡا	اور کھیلتے رہیں یہاں تک کہ وہ جا ملیں
يَوۡمَهُمُ الَّذِىۡ يُوۡعَدُوۡنَ ﴿83﴾	اپنے (اس) دن کو جس کا وہ وعدہ دیے جاتے ہیں۔ ﴿83﴾
وَهُوَ الَّذِىۡ فِى السَّمَآءِ اِلٰهٌ	اور (اللہ) وہی ہے جو آسمان میں (بھی سچا) معبود ہے
وَّفِى الۡاَرۡضِ اِلٰهٌ ؕ	اور زمین میں (بھی سچا) معبود ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ : شان و شوکت، رحم و کرم۔
نَادَوۡا : ندا، منادی، ندائے ملت۔
لِيَقۡضِ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
عَلَيۡنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
بِالۡحَقِّ : بالمقابل، بسبب، بالکل۔
اَكۡثَرَكُمۡ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لِلۡحَقِّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
كٰرِهُوۡنَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
اَمۡرًا : امر، آمر، مامور، امر بالمعروف۔
نَسۡمَعُ : سمع و بصر، آلہ سماعت، سامع۔
سِرَّهُمۡ : اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔
نَجۡوٰٮهُمۡ : مناجات (سرگوشیاں)۔
رُسُلُنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
يَكۡتُبُوۡنَ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت۔
قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لِلرَّحۡمٰنِ : الہٰذا/رحمن، رحیم، رحمت۔
وَلَدٌ : ولادت، ولد، اولاد، مولود۔
الۡعٰبِدِيۡنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
سُبۡحٰنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
السَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماویہ۔
الۡاَرۡضِ : ارض و سما، قطعہ اراضی۔
الۡعَرۡشِ : عرش الٰہی، عرش و فرش۔
عَمَّا : ماحول، ماتحت، ماورائے عدالت۔
يَصِفُوۡنَ : وصف، توصیف، اوصاف۔
يَلۡعَبُوۡا : لہو و لعب۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان۔
يُلٰقُوۡا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
يَوۡمَهُمۡ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
يُوۡعَدُوۡنَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

وَ	هُوَالۡحَكِيۡمُ [1][2]	الۡعَلِيۡمُ [2] (84)	وَ	تَبٰرَكَ [3]
اور	وہی نہایت حکمت والا	خوب جاننے والا(ہے)	اور	بہت برکت والا ہے

الَّذِىۡ	لَهٗ	مُلۡكُ	السَّمٰوٰتِ [4]	وَ	الۡاَرۡضِ
(وہ) جو	اُس کے لیے	بادشاہی(ہے)	آسمانوں	اور	زمین(کی)

وَ	مَا	بَيۡنَهُمَا ج	وَعِنۡدَهٗ [5]	عِلۡمُ السَّاعَةِ ج [4]
اور	جو(کچھ)	ان دونوں کے درمیان(ہے)	اور اسی کے پاس	قیامت کا علم(ہے)

وَ	اِلَيۡهِ	تُرۡجَعُوۡنَ [6] (85)	وَ	لَا يَمۡلِكُ
اور	اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے	اور	نہیں وہ اختیار رکھتے

الَّذِيۡنَ	يَدۡعُوۡنَ	مِنۡ دُوۡنِهٖ [5][7]	الشَّفَاعَةَ [4]	اِلَّا
جنہیں	وہ سب پکارتے ہیں	اس کے سوا	سفارش(کا)	مگر

مَنۡ [8]	شَهِدَ [9]	بِالۡحَقِّ	وَهُمۡ	يَعۡلَمُوۡنَ (86)	وَ
(وہ) جو	گواہی دے	حق کی	اور وہ سب	وہ سب علم(ویقین) رکھتے ہوں	اور

لَئِنۡ	سَاَلۡتَهُمۡ	مَّنۡ خَلَقَهُمۡ [8]	لَيَقُوۡلُنَّ [10]	اللّٰهُ
یقیناً اگر	آپ پوچھیں اِن سے	(کہ) کس نے پیدا کیا انہیں	ضرور بالضرور وہ کہیں گے	اللہ(نے)

فَاَنّٰى [11]	يُؤۡفَكُوۡنَ [6] (87) لا	وَ [12]	قِيۡلِهٖ يٰرَبِّ [13]
پھر کہاں	وہ سب بہکائے جاتے ہیں	قسم ہے	اس کے "یارب" کہنے کی

وقف لازم

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	قَوۡمٌ	لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ (88)	فَاصۡفَحۡ
بے شک	یہ	لوگ	وہ سب ایمان نہیں لائیں گے	پس آپ درگزر کیجیے

ع 7 22 13

عَنۡهُمۡ	وَ	قُلۡ	سَلٰمٌ ط	فَسَوۡفَ	يَعۡلَمُوۡنَ (89) ع
ان سے	اور	کہہ دیجیے	سلام(ہے)	پھر جلد ہی	وہ سب جان لیں گے

اٰیَاتُهَا:59 — 44 سُوۡرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ 64 — رُكُوۡعَاتُهَا:3

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ربع

حٰمٓ ج (1)	وَ [12]	الۡكِتٰبِ	الۡمُبِيۡنِ ۙ (2)
حٰمٓ	قسم ہے	کتاب(کی)	کھول کر بیان کرنے والی

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 هُوَ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

2 فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

3 "ت" اور کھڑی زبر جو کہ "ا" کے قائم مقام ہے، دونوں میں مبالغہ کا مفہوم ہے۔

4 ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

5 ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

6 یـ، تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

7 یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

8 مَنۡ کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کون، کس بھی کیا جاتا ہے۔

9 یہ فعل ماضی ہے، ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

10 لَـ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

11 اَنّٰى یہ لفظ سوال کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور ترجمہ کیونکر، کیسے، کہاں کیا جاتا ہے

12 اگر اس وَ کا معنی قسم ہے کیا جائے تو مفہوم ہوگا کہ ہم آپ ﷺ کی درد بھری شکایت کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ کافروں کے مقابلے میں آپ ﷺ کی ضرور مدد کی جائے گی اور اگر اس وَ کا معنی اور کیا جائے تو پھر اس کا تعلق گزرے ہوئے جملے وعندہ علم الساعة کے ساتھ ہوگا کہ اس کے پاس قیامت کا علم بھی ہے اور آپ ﷺ کے شکوے کا بھی۔

13 قِيۡلِهٖ میں قِيۡلٌ دراصل قَوۡلٌ تھا اور یہ بھی قَوۡلٌ کی طرح مصدر ہے ترجمہ کہنا ہے قاعدے کے مطابق وَ کو یـ سے بدلا گیا ہے۔

وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿84﴾	اور وہی نہایت حکمت والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿84﴾
وَتَبٰرَكَ الَّذِيۡ لَهٗ	اور بہت برکت والا ہے جس کے لیے
مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے
وَمَا بَيۡنَهُمَا ۚ	اور جو (کچھ) ان دونوں کے درمیان ہے
وَعِنۡدَهٗ عِلۡمُ السَّاعَةِ ۚ	اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے
وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿85﴾	اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿85﴾
وَلَا يَمۡلِكُ الَّذِيۡنَ	اور نہیں اختیار رکھتے وہ لوگ جنہیں
يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهِ الشَّفَاعَةَ	وہ (لوگ) اس کے سوا پکارتے ہیں سفارش کا
اِلَّا مَنۡ شَهِدَ بِالۡحَقِّ	مگر وہ جس نے حق کی گواہی دی
وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿86﴾	اور وہ علم (ویقین) رکھتے ہیں (وہ سفارش کر سکتے ہیں)۔ ﴿86﴾
وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَهُمۡ	اور یقیناً اگر آپ اِن سے پوچھیں (کہ) انہیں کس نے پیدا کیا
لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ	ضرور بالضرور وہ کہیں گے اللہ نے (پیدا کیا ہے)
فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿87﴾ لا	پھر کہاں وہ بہکائے جاتے ہیں؟ ﴿87﴾
وَقِيۡلِهٖ يٰرَبِّ	قسم ہے اس (رسول) کے "یا رب" کہنے کی
اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿88﴾ ۘ (وقف لازم)	(کہ) بے شک یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿88﴾
فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَقُلۡ سَلٰمٌ ؕ	پس آپ ان سے درگزر کیجیے اور سلام کہہ دیجیے
فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿89﴾ ع (ع 7 22 13)	پھر جلد ہی وہ (انجام کو) جان لیں گے۔ ﴿89﴾

اٰيَاتُهَا: 59 | 44 سُوۡرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ 64 | رُكُوۡعَاتُهَا: 3

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

(مع ۱۲) حٰمٓ ﴿1﴾ ۚ وَالۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ﴿2﴾ ۙ	حٰمٓ ﴿1﴾ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی قسم ﴿2﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

الۡحَكِيۡمُ: حکمت، حکما، حکیم الامت۔
الۡعَلِيۡمُ: علم، عالم، معلوم، تعلیم، علّامہ۔
تَبٰرَكَ: برکت، برکات، مبارک۔
مُلۡكُ: ملک، مملکت، ملکی حالات۔
السَّمٰوٰتِ: کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الۡاَرۡضِ: ارض وسماء، قطعہ اراضی۔
بَيۡنَهُمَا: بین بین، بین السطور۔
عِنۡدَهٗ: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
اِلَيۡهِ: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
تُرۡجَعُوۡنَ: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
وَ: لیل ونہار، رحم وکرم۔
لَا: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَمۡلِكُ: مالک الملک، ملکیت، املاک۔
يَدۡعُوۡنَ: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مِنۡ: منجانب، من حیث القوم۔
الشَّفَاعَةَ: شفاعت، شافع محشر۔
اِلَّا: الاماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
شَهِدَ: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
بِالۡحَقِّ: حق وباطل، حقیقت۔
يَعۡلَمُوۡنَ: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
سَاَلۡتَهُمۡ: سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
خَلَقَهُمۡ: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
لَيَقُوۡلُنَّ: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
قَوۡمٌ: قوم، اقوام، قومیت۔
يُؤۡمِنُوۡنَ: امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔
سَلٰمٌ: سلام، سلامتی، مسلمان، اسلام۔
بِسۡمِ: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
الرَّحِيۡمِ: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
الۡكِتٰبِ: کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
الۡمُبِيۡنِ: بیان، مبینہ طور پر، دلیل بیّن۔

اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ [2][1]	اِنَّا	كُنَّا [3]
بے شک ہم	ہم نے اتارا ہے اسے	برکت والی رات میں	بے شک ہم	ہم ہیں

مُنْذِرِيْنَ [5][4] (3)	فِيْهَا	يُفْرَقُ [6]	كُلُّ	اَمْرٍ حَكِيْمٍ (4) لا
ڈرانے والے	اس (رات) میں	فیصلہ کیا جاتا ہے	ہر	حکمت والے کام کا

اَمْرًا	مِّنْ عِنْدِنَا ط [7]	اِنَّا	كُنَّا [3]	مُرْسِلِيْنَ [5][4] (5) ج
(وہ بطور) حکم (ہوتا ہے)	ہماری طرف سے	بیشک ہم	ہم ہی ہیں	رسول بھیجنے والے

رَحْمَةً [1]	مِّنْ رَّبِّكَ ط	اِنَّهٗ	هُوَ السَّمِيْعُ [8]
رحمت (ہے)	آپ کے رب (کی طرف) سے	بے شک وہ	وہی خوب سننے والا

الْعَلِيْمُ (6) لا	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَمَا
خوب جاننے والا (ہے)	آسمانوں (کا) رب (ہے)	اور	زمین (کا)	اور (ان کا) جو

بَيْنَهُمَا م	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ [4] (7)	لَآ اِلٰهَ [9]
ان دونوں کے درمیان (ہے)	اگر	ہو تم	سب یقین کرنے والے	کوئی (سچا) معبود نہیں

وقف لازم

اِلَّا	هُوَ	يُحْيٖ	وَ	يُمِيْتُ ط
مگر	وہی	وہ زندگی دیتا ہے	اور	وہ موت دیتا ہے

رَبُّكُمْ [10]	وَ	رَبُّ	اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ [10] (8)	بَلْ
تمہارا رب (ہے)	اور	رب (ہے)	تمہارے تمام پہلے آباؤاجداد کا	بلکہ

هُمْ	فِيْ شَكٍّ	يَّلْعَبُوْنَ (9)	فَارْتَقِبْ	يَوْمَ
وہ سب	ایک شک میں	وہ سب کھیل رہے ہیں	پس آپ انتظار کیجیے	(اس) دن (کا)

تَاْتِي [11]	السَّمَآءُ [12]	بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ (10) لا	يَّغْشَى
(کہ) لائے گا	آسمان	ایک واضح دھویں کو	وہ ڈھانپ لے گا

النَّاسَ ط [12]	هٰذَا	عَذَابٌ اَلِيْمٌ (11)	رَبَّنَا
لوگوں (کو)	یہ	دردناک عذاب (ہے)	(اے) ہمارے رب

اكْشِفْ	عَنَّا الْعَذَابَ [13]	اِنَّا [14]	مُؤْمِنُوْنَ [4] (12)
دور کر دے	ہم سے (اس) عذاب کو	بے شک ہم	ایمان لانے والے (ہیں)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ةٌ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[2] لَيْلَةٌ مُّبَارَكَةٌ سے مراد لیلۃ القدر ہے۔

[3] كُنَّا دراصل كَوُنْنَا تھا گرامر کے اصول کے مطابق و کو ہٹا کر ك کو پیش دی جاتی ہے اور ن کو ن میں مدغم کیا جاتا ہے۔

[4] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] یہاں علامت يْنَ کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے اظہار کے لیے جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

[6] اگر يـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[7] یعنی تمام فیصلے ہمارے حکم، اذن اور ہماری تقدیر و مشیّت سے ہوتے ہیں۔

[8] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[9] لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

[10] كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[11] تَاْتِيْ کا اصل ترجمہ ہے وہ آئے گا ہے لیکن جب اس کے بعد علامت بِـ ہو تو پھر ترجمہ وہ لائے گا کیا جاتا ہے۔

[12] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے اور اگر فعل کے بعد ایسا اسم آئے جس کے آخر میں زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[13] عَنَّا دراصل عَنْ + نَا مجموعہ ہے۔

[14] اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ	بیشک ہم نے اسے برکت والی رات میں اُتارا ہے
اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ﴿3﴾ فِيْهَا	بے شک ہم ڈرانے والے ہیں۔ ﴿3﴾ اسی (رات) میں
يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿4﴾	ہر حکمت والے کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے ﴿4﴾
اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ	(وہ) ہماری طرف سے (بطور) حکم ہوتا ہے
اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿5﴾	بے شک ہم ہی رسول بھیجنے والے ہیں۔ ﴿5﴾
رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ	آپ کے رب کی طرف سے رحمت (مہربانی) ہے
اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿6﴾	بیشک وہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿6﴾
رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	آسمانوں اور زمین کا رب ہے
وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ	اور (اُن کا بھی) جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے
اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿7﴾	اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ ﴿7﴾
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	اس کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں مگر وہی،
يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ	وہ زندگی دیتا ہے اور وہ موت دیتا ہے، تمہارا رب ہے
وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿8﴾	اور تمہارے پہلے آباؤ اجداد کا رب ہے۔ ﴿8﴾
بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴿9﴾	بلکہ وہ ایک شک میں کھیل رہے ہیں۔ ﴿9﴾
فَارْتَقِبْ يَوْمَ	پس آپ اس دن کا انتظار کیجیے
تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿10﴾	(کہ) آسمان ایک واضح دُھواں لائے گا۔ ﴿10﴾
يَّغْشَى النَّاسَ ؕ	(اور) وہ لوگوں کو ڈھانپ لے گا،
هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿11﴾	(وہ کہیں گے) یہ دردناک عذاب ہے۔ ﴿11﴾
رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ	اے ہمارے رب ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے
اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿12﴾	بیشک ہم ایمان لانے والے ہیں۔ ﴿12﴾

وقفِ لازم

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اَنْزَلْنٰهُ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
- فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
- لَيْلَةٍ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
- مُّبٰرَكَةٍ : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
- كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
- اَمْرٍ : امر، آمر، امور، امر بالمعروف۔
- حَكِيْمٍ : حکمت، حکما، حکیم الامت۔
- عِنْدِنَا : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔
- مُرْسِلِيْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
- رَحْمَةً : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
- السَّمِيْعُ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، سامع۔
- الْعَلِيْمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، علّامہ۔
- السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، سماوی آفات۔
- وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
- الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اُراضی۔
- بَيْنَهُمَا : بین بین، بین السطور۔
- مُّوْقِنِيْنَ : یقین، یقین محکم، یقین کامل۔
- اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، الا قلیل، اِلا یہ کہ۔
- يُحْيٖ : حیات، احیائے سنت۔
- يُمِيْتُ : موت وحیات، حیاتی مماتی۔
- الْاَوَّلِيْنَ : اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ۔
- شَكٍّ : بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
- يَّلْعَبُوْنَ : لہوولعب۔
- مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
- يَّغْشٰى : غش آنا، غشی طاری ہونا۔
- النَّاسَ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
- هٰذَا : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
- عَذَابٌ : عذاب، عذاب جہنم۔
- اَلِيْمٌ : عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔
- مُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔

اَنّٰى	لَهُمُ	الذِّكْرٰى [1]	وَقَدْ [2]	جَآءَهُمْ
کیسے	(اس وقت) ان کو	نصیحت (مفید ہوگی)	جبکہ یقیناً	آچکا ان کے پاس

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ [3] ۙ (13)	ثُمَّ	تَوَلَّوْا [4]	عَنْهُ	وَقَالُوْا
کھول کر بیان کرنے والا ایک رسول	پھر	اُنھوں نے منہ موڑ لیا	اس سے	اور اُنھوں نے کہا

مُعَلَّمٌ [5]	مَّجْنُوْنٌ (14)	اِنَّا	كَاشِفُوا [6]	الْعَذَابِ
سکھلایا گیا ہوا	دیوانہ (ہے)	بیشک ہم	دور کرنے والے (ہیں)	عذاب (کو)

قَلِيْلًا	اِنَّكُمْ	عَآئِدُوْنَ [6] (15)	يَوْمَ	نَبْطِشُ
تھوڑی دیر کے لیے	بیشک تم	سب دوبارہ (وہی) کرنے والے ہو	(جس) دن	ہم پکڑیں گے

الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى [1] ۚ	اِنَّا	مُنْتَقِمُوْنَ [5][6] (16)	وَلَقَدْ	فَتَنَّا
بڑی پکڑ	بیشک ہم	انتقام لینے والے (ہیں)	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے آزمایا

قَبْلَهُمْ	قَوْمَ فِرْعَوْنَ	وَ	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ [3]	كَرِيْمٌ ۙ (17)
ان سے پہلے	فرعون کی قوم کو	اور	آیا تھا اُن کے پاس	ایک رسول	معزز

اَنْ	اَدُّوْٓا	اِلَيَّ	عِبَادَ اللّٰهِ ؕ	اِنِّيْ	لَكُمْ
یہ کہ	تم سب حوالے کردو	میری طرف	اللہ کے بندوں کو	بے شک میں	تمہارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ [3] ۙ (18)	وَّاَنْ	لَّا تَعْلُوْا [7]	عَلَى اللّٰهِ ۚ	اِنِّيْٓ
ایک امانت دار رسول (ہوں)	اور یہ کہ	تم سب سرکشی نہ کرو	اللہ پر (اللہ کے مقابل)	بیشک میں

اٰتِيْكُمْ [8]	بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ [3][9] ۚ (19)	وَ	اِنِّيْ	عُذْتُ [10]
لانے والا ہوں تمہارے پاس	ایک واضح دلیل	اور	بیشک میں	میں پناہ پکڑتا ہوں

بِرَبِّيْ	وَ	رَبِّكُمْ	اَنْ	تَرْجُمُوْنِ [11] ۫ (20)	وَاِنْ
اپنے رب کی	اور	تمہارے رب (کی)	کہ	تم سب سنگسار کردو مجھے	اور اگر

لَّمْ تُؤْمِنُوْا	لِيْ	فَاعْتَزِلُوْنِ [11] (21)	فَدَعَا	رَبَّهٗٓ
تم سب ایمان نہیں لاتے ہو	مجھ پر	تو سب الگ ہو جاؤ مجھ سے	پھر اس نے پکارا	اپنے رب کو

اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ [12] (22)	فَاَسْرِ	بِعِبَادِيْ	لَيْلًا
کہ بیشک یہ	سب مجرم لوگ (ہیں)	تو (حکم ہوا) تو لے چل	میرے بندوں کو	رات کے وقت

وقف لازم

وقف لازم

الثلثة

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ـی + ۃ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[2] "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[3] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[4] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[5] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا اور اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[6] یہاں وْا اور وْنَ کا الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے اظہار کے لیے جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

[7] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[8] اٰتِيْكُمْ کا اصل ترجمہ ہے میں تمہارے پاس آنے والا ہوں، لیکن جب اس کے بعد علامت بِ ہو تو پھر ترجمہ میں تمہارے پاس لانے والا ہوں کیا جاتا ہے۔

[9] یہاں بِ کا الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔

[10] یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ حال میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

[11] یہ دراصل تَرْجُمُوْا+نِ+یْ تھا، اور فَاعْتَزِلُوْا+نِ+یْ تھا، علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے جب فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے اور یہاں آخر سے یْ وقف کی وجہ حذف ہے۔

[12] قَوْمٌ لفظاً واحد اور معناً جمع ہے اسی لیے اس کے ساتھ مُجْرِمُوْنَ جمع آیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَنّٰی لَهُمُ الذِّكْرٰی	(اُس وقت) اُن کے لیے نصیحت کہاں (مفید) ہوگی
وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ﴿13﴾	جبکہ یقیناً انکے پاس کھول کر بیان کرنیوالا رسول آچکا ﴿13﴾
ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ	پھر انہوں نے اس سے منہ موڑ لیا
وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿14﴾	اور انہوں نے کہا (یہ تو) سکھلایا ہوا (اور) دیوانہ ہے ﴿14﴾
اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِیْلًا	بیشک ہم تھوڑی دیر کیلئے عذاب کو دور کرنے والے ہیں
اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿15﴾	بے شک تم دوبارہ (وہی) کرنے والے ہو۔ ﴿15﴾
یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰی ۚ	جس دن ہم پکڑیں گے بڑی (سخت) پکڑ
اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿16﴾	بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں۔ ﴿16﴾
وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کو آزمایا
وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِیْمٌ ﴿17﴾	اور ان کے پاس ایک بہت معزز رسول آیا۔ ﴿17﴾
اَنْ اَدُّوْٓا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ	یہ کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو، بیشک میں
لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿18﴾	تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں۔ ﴿18﴾
وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَی اللّٰهِ ۚ	اور یہ کہ اللہ پر (یعنی اللہ کے مقابل) تم سرکشی نہ کرو
اِنِّیْٓ اٰتِیْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿19﴾	بیشک میں تمہارے پاس واضح دلیل لانیوالا ہوں۔ ﴿19﴾
وَاِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَرَبِّكُمْ	اور بیشک میں اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ پکڑتا ہوں
اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿20﴾	(اس بات سے) کہ تم مجھے سنگسار کردو۔ ﴿20﴾
وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ	اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے ہو (میری بات نہیں مانتے)
فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿21﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ	تو مجھ سے الگ ہو جاؤ ﴿21﴾ پھر اس نے اپنے رب کو پکارا
اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿22﴾	کہ بیشک یہ لوگ مجرم ہیں۔ ﴿22﴾ (ان پر اپنا عذاب اتار)
فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا	تو (حکم ہوا کہ) میرے بندوں کو رات کے وقت لے چل

وقف لازم

وقف لازم

الثلثة

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

الذِّكْرٰی	ذکر، اذکار۔
رَسُوْلٌ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مُّبِیْنٌ	بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مُعَلَّمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، علّامہ۔
مَّجْنُوْنٌ	مجنون، جنون۔
قَلِیْلًا	قلیل، قلت، قلیل مدت۔
عَآئِدُوْنَ	اعادہ، عود کر آنا۔
یَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
الْكُبْرٰی	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
مُنْتَقِمُوْنَ	انتقام، انتقامی کاروائی۔
فَتَنَّا	فتنہ و فساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔
قَبْلَهُمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا
قَوْمَ	اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
رَسُوْلٌ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كَرِیْمٌ	کرم، اکرام، تکریم، محترم و مکرم۔
اَدُّوْٓا	ادا، ادائیگی۔
عِبَادَ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اَمِیْنٌ	امانت، امین۔
تَعْلُوْا	اعلیٰ و ارفع، عالی مرتبت۔
بِسُلْطٰنٍ	سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
مُّبِیْنٍ	بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
تَرْجُمُوْنِ	رجم، رجیم، حد رجم۔
فَاعْتَزِلُوْنِ	معزول کرنا۔
تُؤْمِنُوْا	امن، ایمان، مومن۔
فَدَعَا	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مُّجْرِمُوْنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
فَاَسْرِ	اسراء و معراج۔
بِعِبَادِیْ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
لَیْلًا	لیل و نہار، لیلۃ القدر۔

اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ (23) [1][2]	وَ	اتْرُكِ	الْبَحْرَ [3]	رَهْوًا ط
بیشک تم	سب پیچھا کیے جانے والے (ہو)	اور	تو چھوڑ دے	سمندر کو	ٹھہرا ہوا

اِنَّهُمْ	جُنْدٌ	مُّغْرَقُوْنَ (24) [1][4]	كَمْ	تَرَكُوْا
بیشک وہ سب	(ایسے) لشکر (ہیں)	(جو) سب غرق کیے جانے والے (ہیں)	کتنے ہی	وہ سب چھوڑ گئے

مِنْ جَنّٰتٍ [5][6]	وَّ	عُيُوْنٍ (25)	وَّ	زُرُوْعٍ	وَّ	مَقَامٍ كَرِيْمٍ (26)
باغات	اور	چشمے	اور	کھیتیاں	اور	عمدہ مقام

وَّ	نَعْمَةٍ [5]	كَانُوْا	فِيْهَا	فٰكِهِيْنَ (27)
اور	خوشحالی	تھے وہ سب	اُس میں	سب مزے اڑانے والے

كَذٰلِكَ [7] قف	وَ	اَوْرَثْنٰهَا [8]	قَوْمًا اٰخَرِيْنَ (28)	فَمَا
اسی طرح (ہوا)	اور	ہم نے وارث بنایا انکا	دوسرے لوگوں (کو)	پھر نہ

بَكَتْ [5][9]	عَلَيْهِمُ	السَّمَآءُ	وَالْاَرْضُ	وَمَا	كَانُوْا
روئے	ان پر	آسمان	اور (نہ) زمین	اور نہ	وہ سب ہوئے

ع 1 29 14

مُنْظَرِيْنَ (29) ع [1]	وَلَقَدْ	نَجَّيْنَا [8]	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
سب مہلت دیے جانے والے	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے نجات دی	بنی اسرائیل کو

مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ (30)	مِنْ فِرْعَوْنَ ط	اِنَّهٗ	كَانَ	عَالِيًا [10]
رسوا کرنے والے عذاب سے	(یعنی) فرعون سے	بے شک وہ	تھا	ایک سرکش

مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ (31) [11]	وَ	لَقَدِ	اخْتَرْنٰهُمْ [8]	عَلٰى عِلْمٍ [12]
حد سے تجاوز کرنے والوں میں سے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے چن لیا اُنہیں	دانستہ طور پر

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (32) ج	وَ	اٰتَيْنٰهُمْ [8]	مِّنَ الْاٰيٰتِ [5]	مَا
تمام جہان والوں پر	اور	ہم نے دیں انہیں	(وہ) نشانیاں	جو

فِيْهِ	بَلٰٓؤٌا	مُّبِيْنٌ (33)	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
اُس میں	آزمائش (تھی)	واضح	بے شک	یہ (لوگ)

لَيَقُوْلُوْنَ (34)	اِنْ [13]	هِيَ	اِلَّا	مَوْتَتُنَا	الْاُوْلٰى [14]
یقیناً وہ سب کہتے ہیں	نہیں (ہے)	وہ (موت)	مگر	ہماری موت	پہلی (بار)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔

2 یعنی فرعونی تمہارا پیچھا کریں گے۔

3 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

4 جب موسیٰ علیہ السلام اور قوم نے سمندر عبور کر لیا تو موسیٰ علیہ السلام نے چاہا کہ سمندر پر لاٹھی ماریں تاکہ وہ مل جائے اور فرعون کا لشکر داخل نہ ہو سکے تو حکم ہوا کہ ایسا نہ کرو بلکہ اسے اسی حالت پر چھوڑ کر آگے بڑھ جاؤ کہ ہم نے انہیں غرق کرنا ہے چنانچہ وہی ہوا۔

5 ات، ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

6 یہاں علامت مِنْ کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

7 کَ اسم کے شروع میں تشبیہ کی علامت ہے ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے

8 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

9 یعنی اُن کے غرق ہونے کے بعد آسمان اور زمین میں رہنے والوں میں سے کسی نے ان کی تباہی پر دو آنسو نہ بہائے۔

10 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

11 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 یعنی ہمیں ان کی خوبیوں اور صلاحیتوں کا علم تھا اور ہم جانتے تھے کہ وہ اپنے زمانے میں اس فضیلت کے لائق ہیں۔

13 اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

14 یعنی ہم کو تو بس دنیا میں ایک ہی بار مرنا ہے اور اس کے بعد فنا ہو جانا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ﴿23﴾	بے شک تم پیچھا کیے جانے والے ہو۔ ﴿23﴾
وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ	اور سمندر کو ٹھہرا ہوا چھوڑ دے، بے شک وہ (لوگ)
جُندٌ مُّغْرَقُونَ ﴿24﴾	(ایسا) لشکر ہیں (جو) غرق کیے جانے والے ہیں۔ ﴿24﴾
كَمْ تَرَكُوا مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿25﴾	کتنے ہی باغات اور چشمے وہ چھوڑ گئے۔ ﴿25﴾
وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿26﴾	اور (اسی طرح) کھیتیاں اور عمدہ مقام (چھوڑ مرے)۔ ﴿26﴾
وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَكِهِينَ ﴿27﴾	اور (وہ) خوشحالی جس میں وہ مزے اڑانے والے تھے ﴿27﴾
كَذَٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنَاهَا	اسی طرح (ہوا) اور ہم نے ان کا وارث بنا دیا
قَوْمًا آخَرِينَ ﴿28﴾ فَمَا بَكَتْ	دوسرے لوگوں (بنی اسرائیل) کو۔ ﴿28﴾ پھر نہ روئے
عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ	ان پر آسمان اور (نہ) زمین
ع 1 29 14 وَمَا كَانُوا مُنظَرِينَ ﴿29﴾	اور نہ وہ مہلت دیے جانے والے ہوئے۔ ﴿29﴾
وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بنی اسرائیل کو نجات دی
مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿30﴾	رسوا کرنے والے عذاب سے۔ ﴿30﴾
مِن فِرْعَوْنَ ۚ إِنَّهُ	(یعنی) فرعون سے، بیشک وہ
كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ ﴿31﴾	ایک سرکش (اور) حد سے تجاوز کرنیوالوں میں سے تھا ﴿31﴾
وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ عِلْمٍ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے اُنہیں دانستہ طور پر چن لیا
عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿32﴾	تمام جہاں والوں پر۔ ﴿32﴾
وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ	اور ہم نے انہیں (وہ) نشانیاں دیں
مَا فِيهِ بَلَاءٌ مُّبِينٌ ﴿33﴾	جن میں واضح آزمائش تھی۔ ﴿33﴾
إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ ﴿34﴾	بے شک یہ لوگ (مکہ کے کافر) یقیناً کہتے ہیں۔ ﴿34﴾
إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَىٰ	نہیں ہے وہ (یعنی موت) مگر ہماری پہلی (دنیا میں آنے والی) موت

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مُتَّبَعُونَ: اتباع، تابع، متبع سنت۔
وَ: شان وشوکت، رحم وکرم۔
اتْرُكِ: ترک، ترکہ، تارکِ دنیا۔
الْبَحْرَ: بحر قلزم، بحیرہ عرب، بحر وبر۔
مُغْرَقُونَ: غرق، غرقاب، مستغرق۔
زُرُوعٍ: زراعت، زرعی زمین، مزارع۔
مَقَامٍ: مقام ومرتبہ، عالی مقام۔
كَرِيمٍ: کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔
نَعْمَةٍ: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
فِيهَا: فی الحال، فی سبیل اللہ۔
أَوْرَثْنَاهَا: وارث، وراثت، ورثا۔
آخَرِينَ: آخرت، یوم آخرت، آخری۔
بَكَتْ: آہ وبکا۔
السَّمَاءُ: ارض وسما، کتب سماویہ۔
نَجَّيْنَا: فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
بَنِي: ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم۔
مِنَ: منجانب، من حیث القوم۔
الْمُهِينِ: توہین، اہانت، توہین آمیز رویہ۔
عَالِيًا: اعلیٰ وارفع، عالی مرتبت۔
الْمُسْرِفِينَ: اسراف وتبذیر۔
اخْتَرْنَاهُمْ: اختیار، مختار، اختیاری مضامین۔
عَلَىٰ: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
عِلْمٍ: علم، عالم، معلوم، تعلیم وتربیت۔
الْعَالَمِينَ: عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
بَلَاءٌ: بلاء، ابتلا وآزمائش، مبتلا۔
مُّبِينٌ: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَيَقُولُونَ: قول، اقوال، اقوال زریں۔
إِلَّا: الاماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
مَوْتَتُنَا: موت وحیات، سماع موتی۔
الْأُولَىٰ: قرون اولیٰ، قعدہ اولیٰ۔

وَمَا نَحْنُ	بِمُنْشَرِيْنَ ﴿35﴾ [1]	فَأْتُوْا [2]	بِاٰبَآئِنَآ [3]
اور نہ ہم	ہرگز سب دوبارہ اٹھائے جانے والے (ہیں)	تو تم سب لے آؤ	ہمارے باپ دادا کو

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿36﴾	اَ	هُمْ	خَيْرٌ	اَمْ
اگر	ہو تم	سب سچے	کیا	وہ سب	بہتر (ہیں)	یا

قَوْمُ تُبَّعٍ [4]	وَّالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	اَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّهُمْ
قوم تُبَّع (قوم سبا)	اور (وہ لوگ) جو	ان سے پہلے تھے	ہم نے ہلاک کیا انہیں	بے شک وہ

كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ ﴿37﴾	وَمَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
تھے وہ سب	سب مجرم	اور نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین (کو)

وَمَا	بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ ﴿38﴾ [5]	مَا	خَلَقْنٰهُمَآ
اور جو	ان دونوں کے درمیان (ہے)	کھیلتے ہوئے	نہیں	ہم نے پیدا کیا اُن دونوں (کو)

اِلَّا	بِالْحَقِّ [3]	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾	اِنَّ
مگر	حق کے ساتھ	اور لیکن	ان کے اکثر	نہیں وہ سب جانتے	بے شک

يَوْمَ الْفَصْلِ	مِيْقَاتُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ ﴿40﴾	يَوْمَ	لَا يُغْنِيْ
فیصلے کا دن	ان کا مقرر وقت (ہے)	سب کے سب کا	(اس) دن	نہیں وہ کام آئے گا

مَوْلًى [6]	عَنْ مَّوْلًى [6][7]	شَيْئًا	وَّلَا	هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿41﴾ [8]	اِلَّا
کوئی دوست	کسی دوست کے	کچھ بھی	اور نہ	وہ سب مدد کیے جائیں گے	مگر

مَنْ	رَّحِمَ اللّٰهُ [9]	اِنَّهٗ	هُوَ الْعَزِيْزُ [10]	الرَّحِيْمُ ﴿42﴾
جس (پر)	اللہ نے رحم کیا	بے شک وہ	وہی نہایت غالب	بہت رحم کرنے والا (ہے)

اِنَّ	شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿43﴾	طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿44﴾	كَالْمُهْلِ
بے شک	زقوم (تھوہر) کا درخت	گناہ گار کا کھانا (ہو گا)	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح

يَغْلِيْ	فِي الْبُطُوْنِ ﴿45﴾	كَغَلْيِ	الْحَمِيْمِ ﴿46﴾
وہ کھولتا ہوگا	پیٹوں میں	کھولنے کی طرح	تیز گرم پانی کے

خُذُوْهُ [11][12]	فَاعْتِلُوْهُ [11]	اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿47﴾
(کہا جائے گا) سب پکڑ لو اسے	پھر سب گھسیٹ کر لے جاؤ اسے	جہنم کے درمیان تک

رکوع 13/15 — معانقة 14

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں، البتہ اس سے ترجمہ میں بالکل یا ہرگز کا مفہوم پایا جاتا ہے۔

[2] فَاْتُوْا کا اصل ترجمہ ہے تو تم سب آؤ لیکن جب اس کے بعد علامت بِ ہو تو پھر ترجمہ تو تم سب لاؤ ہوتا ہے۔

[3] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[4] قوم تبع سے مراد قوم سبا ہے جو تعمیر و ترقی اور علم و ہنر میں مکہ والوں سے کہیں بہتر اور منظم تھے یہ لوگ اپنے بادشاہ کو تبع کہتے تھے۔

[5] یہاں يْنَ کا الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے اظہار کے لیے جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

[6] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک، کسی یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[7] عَنْ کا ترجمہ ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔

[8] هُمْ اور يُ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے اور فعل کے شروع میں يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[10] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[11] وا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[12] خُذُوْهُ کا روٹ اَخَذَ ہے جس فعل کے شروع میں اُ ہو اس فعل کا امر بناتے ہوئے شروع سے اُ کو حذف کر دیتے ہیں مثلاً: اَمَرَ سے مُرُوْا اور اَكَلَ سے كُلُوْا اَخَذَ سے خُذُوْا وغیرہ۔

وَمَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِیۡنَ ﴿35﴾ اور ہم ہرگز دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں۔ ﴿35﴾

فَاۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿36﴾ تو ہمارے باپ دادا کو (زندہ کرکے) لے آؤ اگر تم سچے ہو۔ ﴿36﴾

اَهُمۡ خَیۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِیۡنَ کیا وہ بہتر ہیں یا قومِ تُبّع (قومِ سبا) اور (وہ لوگ) جو

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ ۫ ان سے پہلے تھے ہم نے اُنہیں ہلاک کر دیا

اِنَّهُمۡ كَانُوۡا مُجۡرِمِیۡنَ ﴿37﴾ بے شک وہ مجرم تھے۔ ﴿37﴾

وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمانوں اور زمین کو

وَمَا بَیۡنَهُمَا لٰعِبِیۡنَ ﴿38﴾ اور جو ان دونوں کے درمیان ہے کھیلتے ہوئے۔ ﴿38﴾

مَا خَلَقۡنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ نہیں ہم نے پیدا کیا ان دونوں کو مگر حق کے ساتھ

وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿39﴾ اور لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿39﴾ اِنَّ بے شک

یَوۡمَ الۡفَصۡلِ مِیۡقَاتُهُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ۙ﴿40﴾ فیصلے کا دن ان سب کا طے شدہ وقت ہے۔ ﴿40﴾

یَوۡمَ لَا یُغۡنِیۡ مَوۡلًی عَنۡ مَّوۡلًی جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کام نہ آئے گا

شَیۡـًٔا وَّلَا هُمۡ یُنۡصَرُوۡنَ ۙ﴿41﴾ کچھ بھی اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔ ﴿41﴾

اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ مگر (وہ) جس پر اللہ نے رحم کیا

اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ﴿42﴾ ع بیشک وہی نہایت غالب بہت رحم کرنے والا ہے ﴿42﴾ ع 2 13 15

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوۡمِ ۙ﴿43﴾ بے شک زقوم (تھوہر) کا درخت۔ ﴿43﴾

طَعَامُ الۡاَثِیۡمِ ﴿44﴾ ۛ گناہ گار کا کھانا ہے۔ ﴿44﴾

كَالۡمُهۡلِ ۚ یَغۡلِیۡ فِی الۡبُطُوۡنِ ۙ﴿45﴾ پگھلے ہوئے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولے گا ﴿45﴾ معانقة 14

كَغَلۡیِ الۡحَمِیۡمِ ﴿46﴾ تیز گرم پانی کے کھولنے کی طرح۔ ﴿46﴾

خُذُوۡهُ فَاعۡتِلُوۡهُ (کہا جائے گا) اسے پکڑلو پھر اسے گھسیٹ کر لے جاؤ

اِلٰی سَوَآءِ الۡجَحِیۡمِ ﴿47﴾ ۖ جہنم کے درمیان تک۔ ﴿47﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
- بِمُنۡشَرِیۡنَ : حشر ونشر، لف نشر مرتب۔
- بِاٰبَآئِنَاۤ : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
- صٰدِقِیۡنَ : صداقت، صادق وامین۔
- خَیۡرٌ : خیر وعافیت، خیریت، یا اللہ خیر۔
- قَوۡمُ : قوم، قومیت، اقوام۔
- مِنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
- قَبۡلِهِمۡ : قبل از وقت، قبل الکلام۔
- اَهۡلَكۡنٰهُمۡ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
- مُجۡرِمِیۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
- خَلَقۡنَا : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
- الۡاَرۡضَ : ارض وسما، قطعہ اَراضی۔
- بَیۡنَهُمَا : بین السطور، بین الاقوامی۔
- لٰعِبِیۡنَ : لہوولعب۔
- یَعۡلَمُوۡنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، علّامہ۔
- الۡفَصۡلِ : فیصلہ، فیصل، قوت فیصلہ۔
- مِیۡقَاتُهُمۡ : میقاتِ حج، وقت، اوقات۔
- اَجۡمَعِیۡنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
- یَوۡمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، چند یوم۔
- یُغۡنِیۡ : غنی، مستغنی، اغنیاء۔
- مَوۡلًی : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔
- یُنۡصَرُوۡنَ : نصرت، ناصر، انصار، منصور۔
- رَّحِمَ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
- الرَّحِیۡمُ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
- شَجَرَتَ : شجرکاری مہم، شجر ممنوعہ۔
- طَعَامُ : قیام وطعام، بعد از طعام۔
- الۡبُطُوۡنِ : بطنِ مادر، ظاہر وباطن۔
- كَغَلۡیِ : کالعدم، کماحقہ۔
- خُذُوۡهُ : اخذ، ماخوذ، مواٴخذہ۔
- سَوَآءِ : مساوی، مساوات، خط استوا۔

ثُمَّ	صُبُّوْا	فَوْقَ رَاْسِهٖ [1]	مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿48﴾	ذُقْ
پھر	تم سب اُنڈیلو	اس کے سر پر	کھولتے ہوئے پانی کے عذاب سے	مزہ چکھ

اِنَّكَ	اَنْتَ الْعَزِيْزُ [2]	الْكَرِيْمُ ﴿49﴾	اِنَّ هٰذَا
بے شک تو	تو ہی بہت عزت والا	بڑے اکرام والا (تھا)	بے شک یہ (وہ عذاب ہے)

مَا	كُنْتُمْ	بِهٖ [3]	تَمْتَرُوْنَ ﴿50﴾	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
جس (کا)	تھے تم	اس کے ساتھ	تم سب شک کیا کرتے	بیشک	سب متقین

فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿51﴾	فِيْ جَنّٰتٍ [4]	وَّ	عُيُوْنٍ ﴿52﴾ [5]	يَّلْبَسُوْنَ
امن والی جگہ میں (ہوں گے)	باغات میں	اور	چشموں (میں)	وہ سب لباس پہنیں گے

مِنْ سُنْدُسٍ	وَّ	اِسْتَبْرَقٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿53﴾ [6]
باریک ریشم سے	اور	موٹے ریشم (سے)	سب آمنے سامنے بیٹھنے والے (ہوں گے)

كَذٰلِكَ [7]	وَ	زَوَّجْنٰهُمْ	بِحُوْرٍ [3][8]	عِيْنٍ ﴿54﴾ [8]
اسی طرح (ہوگا)	اور	ہم بیاہ دیں گے انہیں	حوروں کے ساتھ	موٹی آنکھوں والی

يَدْعُوْنَ	فِيْهَا	بِكُلِّ [3]	فَاكِهَةٍ [4]	اٰمِنِيْنَ ﴿55﴾ [9]
وہ سب فرمائش کرتے ہوں گے	اس میں	ہر (قسم) کے	پھل (کی)	سب بے خوف (ہو کر)

لَا يَذُوْقُوْنَ [10]	فِيْهَا	الْمَوْتَ	اِلَّا	الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى [4]
نہیں وہ سب چکھیں گے	اس میں	موت (کا مزہ)	سوائے	پہلی موت کے

وَ	وَقٰهُمْ	عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿56﴾	فَضْلًا
اور	وہ بچائے گا انہیں	دوزخ کے عذاب (سے)	فضل (کی وجہ سے)

مِّنْ رَّبِّكَ	ذٰلِكَ [7]	هُوَ الْفَوْزُ [11]	الْعَظِيْمُ ﴿57﴾
تیرے رب (کی طرف) سے	یہ	ہی کامیابی ہے	بہت بڑی

فَاِنَّمَا [12]	يَسَّرْنٰهُ	بِلِسَانِكَ [13]	لَعَلَّهُمْ
تو بے شک صرف	ہم نے بہت آسان کر دیا ہے اسے	آپ کی زبان میں	تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿58﴾ [14]	فَارْتَقِبْ	اِنَّهُمْ	مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿59﴾ [6]
وہ سب نصیحت حاصل کریں	پس آپ انتظار کیجیے	بیشک وہ	سب انتظار کرنے والے (ہیں)

ع 3 17 16

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

2 اَنْتَ کے بعد "اَلْ" والا اسم ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اور دونوں کو ملا کر ترجمہ تو ہی کیا گیا ہے یہ بات اُن سے طنز اور مذاق کے طور پر کہی جائے گی۔

3 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

4 ات، ۃ اور ـ ی مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

5 عُیُوْنٍ کے آخر میں وْن جمع کی علامت نہیں بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

6 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

7 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

8 حُوْرٌ حَوْرَآءُ کی جمع ہے اور عِیْنٌ عَیْنَآءُ کی جمع ہے ۔

9 بے خوف ہو کر کا مطلب یہ ہے کہ اُنہیں چیز کے موجود نہ ہونے، قیمت کی ادائیگی یا چیز کے ختم ہونے کا یا چیز سے کسی قسم کی بیماری، بد ہضمی وغیرہ کی فکر اور خوف نہ ہوگا بے فکر ہو کر جنت کے خادموں کو لانے کا حکم دیں گے۔

10 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے ۔

11 هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

12 اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

